Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ

عوام کی بے ساختہ للکار

ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعۃ المبارک، 25 اگست 2023ء، 07 صفر المظفر 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 119

بریفنگ میں سیکرٹری انسانی حقوق، زینب الرٹ ریسپانس اینڈ ریکوری ایجنسی (زارا) کے حکام نے شرکت کی، اجلاس میں زینب انصاری کے والد امین انصاری نے بھی شرکت کی

بچوں کی حفاظت، گمشدگی سے بچا بارے والدین اور اساتذہ کو آگاہی دینا ہوگی صدر مملکت

بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ شکایات پر ایکشن لیتے ہوئے 1247 بچوں کو کامیابی سے تلاش کیا گیا، 430 جعلی رپورٹس تھیں، 1837 شکایات پر کارروائی مکمل کی گئی جبکہ 319 شکایات پر کام جاری ہے

پولیس بچوں کی گمشدگی، اغوا کے بارے میں اطلاع کی بروقت رجسٹریشن یقینی بنائے، غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ مشاورتی اجلاس میں گمشدہ بچوں کے حوالے سے آگاہی اور نظام میں بہتری کیلئے تجاویز لی جائیں

اسلام آباد (خبر نگار) صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ بچوں کی حفاظت، گمشدگی سے بچا بارے والدین اور اساتذہ کو آگاہی دینا ہوگی۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو زینب الرٹ رسپانس اینڈ ریکوری ایکٹ پر عمل درآمد کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، بریفنگ میں سیکرٹری انسانی حقوق، زینب الرٹ ریسپانس اینڈ ریکوری ایجنسی) زارا (کے حکام نے شرکت کی، اجلاس میں زینب انصاری کے والد امین انصاری نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ اغوا اور بچوں پر تشدد کے واقعات کی روک تھام کیلئے مربوط اقدامات کی ضرورت ہے، بچوں کی گمشدگی کے واقعات کے تدارک کیلئے معاشرے کی ہر سطح تک آگاہی پہنچانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ گمشدہ بچوں کی جلد تلاش کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیگر تمام سٹیک ہولڈرز کے مابین مضبوط تعاون ناگزیر ہے، صوبائی پولیس کے محکموں اور متعلقہ اداروں کے مابین موثر رابطے کا نظام قائم کرنے کی ضرورت ہے، بچوں کی گمشدگی کے واقعات کی روک تھام، جلد تلاش میں مقامی پولیس کا کلیدی کردار ہے۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ پولیس بچوں کی گمشدگی، اغوا کے بارے میں اطلاع کی بروقت رجسٹریشن یقینی بنائے، غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ مشاورتی اجلاس میں گمشدہ بچوں کے حوالے سے آگاہی اور نظام میں بہتری کیلئے تجاویز لی جائیں۔ ڈاکٹر عارف علوی نے (بقیہ نمبر 1)

وکلاء سے مشاورت جاری ہے جلد وطن واپس آؤں گا نواز شریف

جمہوری سسٹم چلتا رہنا چاہیے کسی صورت ڈی ریل نہیں ہونا چاہیے، قائد مسلم لیگ ن کی گفتگو

اسلام آباد/لندن (سٹاف رپورٹر) نواز شریف کا کہنا ہے کہ وہ جلد پاکستان آئیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف سے سابق سینیٹر چوہدری ظفر اقبال نے ملاقات کی۔ نواز شریف نے کہا کہ جمہوری سسٹم چلتا رہنا چاہیے، کسی صورت (بقیہ نمبر 4)

پاکستان اور بھارت کا اپنے اپنے ناظم الامور تبدیل کرنے کا فیصلہ

پاکستان نے دفتر خارجہ کے سینئر افسر سعد احمد وڑائچ کو بھارت میں نیا ناظم الامور مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان اور بھارت نے اپنے اپنے ناظم الامور تبدیل کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق پاکستان نے دفتر خارجہ کے سینئر افسر سعد احمد وڑائچ کو بھارت میں نیا ناظم الامور مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے، سعد احمد وڑائچ پاکستانی ہائی (بقیہ نمبر 3)

امریکی سفیر کی پاکستان میں آزادانہ انتخابات کیلئے حمایت کی یقین دہانی

امریکی سفیر کا کہنا تھا کہ امریکہ پاکستانیوں کے منتخب کردہ نمائندوں کے ساتھ مل کر کام کرتا رہے گا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے پاکستان کے آئین کے مطابق آزادانہ اور شفاف انتخابات کے لیے امریکا کی حمایت کی یقین دہانی کرادی۔ ترجمان امریکی سفارتخانہ کے بیان کے مطابق امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے چیف الیکشن کمشنر (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: بٹگرام میں کامیاب چیئر لفٹ آپریشن میں حصہ لینے والوں کیا اعزاز میں تقریب کا انعقاد

تلخ واقعات ہماری زندگیوں کا حصہ ہیں، ریسکیو آپریشن کی کامیابی کے لیے بہترین حکمت عملی تیار کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، آپریشن کی کامیابی پر سب کو سلام پیش کرتا ہوں

بٹگرام چیئر لفٹ آپریشن کی کامیابی ہم سب کا اجتماعی کریڈٹ ہے انوار الحق کاکڑ

بٹگرام چیئر لفٹ آپریشن کی کامیابی ہم سب کا اجتماعی کریڈٹ ہے۔ نگران وزیر اعظم نے تقریب کے دوران چیئر لفٹ میں پھنسے لوگوں کو بچانے والے ایس ایس جی کمانڈوز کو تعریفی اسناد دیں

نگران وزیر اعظم نے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا یہ ہمارا گھر ہے، ہم کہیں نہیں جا رہے، گھر کا نظام با اختیار اور باصلاحیت لوگوں کے پاس ہے، جو عناصر سمجھتے ہیں ہمارے طرز زندگی کو بدل دیں گے

تمام اداروں نے ریسکیو آپریشن کے لیے بروقت اقدامات کیے، ایک مربوط حکمت عملی کے تحت تمام ریسکیو آپریشن مکمل کیا گیا۔ نگران وزیر اعظم کی ہدایت پر ریسکیو آپریشن کے لیے فوری اقدامات کیے گئے تھے

اسلام آباد (خبر نگار) بٹگرام میں کامیاب چیئر لفٹ آپریشن میں حصہ لینے والوں کیا عزاز میں تقریب کا انعقاد کیا گیا، نگران وزیر اعظم نے تعریفی اسناد تقسیم کیں، انوار الحق کاکڑ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا بٹگرام چیئر لفٹ آپریشن کی کامیابی ہم سب کا اجتماعی کریڈٹ ہے۔ نگران وزیر اعظم نے تقریب کے دوران چیئر لفٹ میں پھنسے لوگوں کو بچانے والے ایس ایس جی کمانڈوز کو تعریفی اسناد دیں، نگران وزیر اعظم نے چیئر لفٹ ریسکیو آپریشن میں حصہ لینے والے مقامی افراد (بقیہ نمبر 5)

سپریم کورٹ نے رانا ثنا اللہ کی ضمانت منسوخی کی نیب درخواست نمٹادی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپریم کورٹ نے آمدن سے زائد اثاثہ جات کیس میں سابق وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کی ضمانت منسوخی کی نیب درخواست نمٹا دی۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال اور جسٹس (بقیہ نمبر 6)

مراکہ کے قریب پراجیکٹ کے ارتھ ورک کا معائنہ کیا، محسن نقوی

نگران وزیراعلی محسن نقوی کا لاہور رنگ روڈ سدرن لوپ تھری پراجیکٹ کا دورہ

لاہور (خصوصی رپورٹر) نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے آج لاہور رنگ روڈ سدرن لوپ تھری پراجیکٹ کا دورہ کیا اور مراکہ کے قریب پراجیکٹ پر پیشرفت کا جائزہ لیا۔ وزیراعلی محسن نقوی نے ارتھ ورک کا معائنہ کیا اور پراجیکٹ کی الائنمنٹ کا جائزہ لیا اور پراجیکٹ پر جاری کام کی رفتار (بقیہ نمبر 7)

محکمہ لوکل گورنمنٹ سے کرپشن کے خاتمے کیلئے جامع حکمت عملی تیار کرلی گئی عامر میر

لوکل گورنمنٹ کے تین سینیئر افسران پر مشتمل ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے جو محکمے کے معاملات کی چھان بین کرے گی

لاہور کے 9 زونز کے میونسپل آفیسرز پلاننگ کے دفاتر سے رواں مالی سال کے ابتدائی تین ماہ کا مکمل ریکارڈ طلب کرلیا گیا ہے

لاہور (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر برائے اطلاعات و بلدیات عامر میر کی ہدایت پر محکمہ لوکل گورنمنٹ سے کرپشن کے خاتمے کے لیے جامع حکمت عملی تیار کر لی گئی ہے۔ لوکل گورنمنٹ کے تین سینیئر افسران پر مشتمل ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے جو محکمے کے معاملات کی (بقیہ نمبر 8)

لاہور: نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی گفتگو کررہے ہیں

محسن نقوی کا شاہدرہ فلائی اوور پراجیکٹ کا دورہ، تعمیراتی کاموں کا جائزہ

محسن نقوی کا کہنا تھا کہ شاہدرہ چوک فلائی اوور منصوبے کی تکمیل سے یومیہ 3 لاکھ گاڑیوں کو آمدورفت میں سہولت ملے گی

شہر کے اہم داخلی وخارجی راستے سے ٹریفک کا بڑا مسئلہ حل ہوگا، عوام کی سہولت کیلئے اس منصوبے کی جلد تکمیل ضروری ہے

لاہور (نیوز رپورٹر) نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے شاہدرہ فلائی اوور پراجیکٹ کا دورہ کیا اور تعمیراتی کاموں پر پیشرفت کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا اور چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید نے منصوبے پر ہونے والی پیشرفت کے بارے میں بریفنگ (بقیہ نمبر 13)

ایوان صدر نے الیکشن کمیشن کے خط پر وزارت قانون سے رائے مانگ لی

خط میں صرف الیکشن کمیشن کے ہی انتخابات کی تاریخ دینے کے اختیار سے متعلق رائے مانگی گئی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ایوان صدر نے الیکشن کمیشن کے خط پر وزارت قانون سے رائے مانگ لی۔ ایوان صدر کی جانب سے خط وزارت قانون و انصاف کے سیکرٹری کے نام لکھا گیا (بقیہ نمبر 9

کوئٹہ، اے آئی ایم ایچ کے سربراہ آغا مسعود اکرم کا بلوچستان تھنک ٹینک نیٹ ورک کا دورہ، مختلف شعبوں کی کارکردگی پر اظہار مسرت

کوئٹہ (اسپیشل رپورٹر) آرمی انسٹی ٹیوٹ آف ملٹری ہسٹری کے ڈائریکٹر جنرل آغا مسعود اکرم نے بلوچستان تھنک ٹینک نیٹ ورک کے تحقیقی امور، سٹریٹجک، سیاسی، اقتصادی اور سماجی خدمات کو سراہتے ہوئے ادارے کے جملہ منتظمین کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اے آئی ایم ایچ کے سربراہ (بقیہ نمبر 11)

لاہور میں نوجوان کو نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر پیٹرول چھڑک کر زندہ جلا ڈالا

8 سالہ نوجوان کو ہاتھ پاؤں باندھ کر آگ لگا دی گئی، واردات دیرینہ دشمنی کا شاخسانہ ہے، پولیس

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور میں 18 سالہ نوجوان کو نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر پیٹرول چھڑک کر زندہ جلا ڈالا، پولیس نے لاش کو مردہ خانے بھجوا کر تفتیش شروع کردی۔ پولیس کے مطابق مانگا منڈی شاہ کے بھٹیاں میں 18 سالہ نامعلوم نوجوان کو کار سوار افراد نے ہاتھ پاؤں باندھ کر مبینہ طور پر (بقیہ نمبر 10)

توشہ خانہ کیس، مختصر سزا ہے جو بغیر نوٹس بھی معطل ہو جاتی ہے اسلام آباد ہائیکورٹ

چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ عامر فاروق اور جسٹس طارق جہانگیری پر مشتمل 2 رکنی بینچ کیس کی سماعت کر رہا ہے

دوران سماعت وکیل لطیف کھوسہ نے عدالت کو بتایا کہ الیکشن کمیشن اپنے کسی افسر کو کمپلینٹ دائر کرنے کا مجاز قرار دے سکتا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) توشہ خانہ کیس میں چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ نے کہا ہے کہ چیئرمین تحریک انصاف کو دی جانے والی یہ مختصر سزا ہے جو بغیر نوٹس بھی معطل ہو جاتی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں توشہ خانہ فوجداری کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کی سزا کے خلاف اپیل اور سزا معطلی کی درخواست پر سماعت جاری ہے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ عامر فاروق اور جسٹس طارق جہانگیری پر مشتمل 2 رکنی بینچ کیس کی سماعت کر رہا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل سردار لطیف کھوسہ عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت وکیل لطیف کھوسہ نے عدالت کو بتایا کہ الیکشن کمیشن اپنے کسی افسر کو کمپلینٹ دائر کرنے کا مجاز قرار دے سکتا ہے، اس کیس میں سیکرٹری الیکشن کمیشن نے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کو کمپلینٹ دائر کرنے کا کہا۔ چیئرمین تحریک (بقیہ نمبر 12)

محسن نقوی کا شاہدرہ فلائی اوورز پراجیکٹ کا دورہ

منصوبے کا 80 فیصد کام مکمل، اگلے ماہ تک 100 فیصد مکمل کرنے کا ٹاسک

لاہور (اسپیشل رپورٹر) نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے شاہدرہ فلائی اوورز پراجیکٹ کا دورہ کیا اور تعمیراتی کاموں پر پیشرفت کا جائزہ لیا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ منصوبے کا (بقیہ نمبر 14)

لاہور: سراج الحق کا غیر مسلموں کیلئے اقلیت کا نام تبدیل کر کے پاکستانی برادری کا ٹائٹل دینے کا مطالبہ

اسلام آباد: الیکشن کمیشن جس تاریخ کا اعلان کرے گا انتخابات کرادیں گے، مرتضی سولنگی

فیصل آباد نوکری کا جھانسہ دے کر نوعمر لڑکے کیساتھ پانچ اوباشوں کی مبینہ زیادتی

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد نوکری کا جھانسہ دے کر نوعمر لڑکے کیساتھ پانچ اوباشوں کی مبینہ زیادتی تفصیلات کے مطابق تھانہ بلوچنی میں پانچ اوباشوں نے زبردستی کماد کی فصل (بقیہ نمبر 15)

حکومتی اقدامات کی موثر تشہیر کیلئے صحافی برادری سے مضبوط رشتہ ضروری ہے

ضلعی افسران اطلاعات ضلعی انتظامیہ سے رابطہ میں رہیں، ڈائریکٹر تعلقات عامہ

ملتان (جنرل رپورٹر) ڈائریکٹر تعلقات عامہ احمد نعیم ملک کی زیر صدارت ملتان ڈویژن کے افسران کا اجلاس منعقد ہوا جس میں تعلقات عامہ کے حوالے سے مختلف امور اور اقدامات (بقیہ نمبر 30)

صوبہ بھر میں منشیات کی خرید و فروخت کرنے والے مافیا کیخلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کا حکم

منشیات مافیا کی سرکوبی کے لئے پولیس بلاامتیاز کارروائی جاری رکھے، تعلیمی اداروں میں منشیات کو روکنے کے لئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے

ہم نے نئی نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنا ہے، متعلقہ ادارے بہترین کوآرڈی نیشن کے ذریعے منشیات مافیا کا قلع قمع یقینی بنائیں، محسن نقوی

لاہور (نامہ نگار) نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت آج وزیراعلی آفس میں اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعلی محسن نقوی نے صوبہ بھر میں منشیات کی خرید وفروخت کرنے والے مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کا حکم دیا اور ہدایت کہ منشیات مافیا کی سرکوبی کے لئے پولیس (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: عمر رحمان ملک پیپلز پارٹی ڈیجیٹل میڈیا اسلام آباد کے انچارج مقرر

نگران وفاقی وزیر تعلیم مدد علی سندھی کا اسلام آباد کالج فار گرلز F-6/2 کا اچانک دورہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) نگران وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت مدد علی سندھی نے اسلام آباد کالج فار گرلز (F-6/2 آئی سی جی) کا اچانک دورہ کیا۔ جمعرات کو اپنے دورے کے (بقیہ نمبر 18)

وزیر حکومت آزاد کشمیر ڈاکٹر نثار انصر ابدالی مخالفین کا سر درد بن چکے ہیں

انشاءاللہ کھوئی رٹہ کو آزاد کشمیر کا سب سے تعمیر یافتہ حلقہ بنائیں گے؛ وزیر حکومت آزاد کشمیر

سیری (سٹاف رپورٹر) وزیر حکومت آزاد کشمیر ڈاکٹر نثار انصر ابدالی مخالفین کا سر درد بن چکے ہیں۔ واصل خان جرال دست راست وزیر حکومت نثار انصر ابدالی) واصل خان جرال نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہ وزیر حکومت آزاد کشمیر ڈاکٹر نثار انصر ابدالی مخالفین کا سر درد بن چکے ہیں اور مخالفین کو یہ سر درد پچیس تیس سال برداشت کرنا ہوگا۔ مخالفین کی چیخیں بتا رہی ہیں کہ انصر ابدالی کے دو سال تیس سال پر بھاری پڑ گا۔ انصر ابدالی کی عوام میں بڑھتی ہوئی مقبولیت نہیں دیکھنے ہورہی جس کی وجہ سے مختلف پروپیگنڈے کر کے عوام کو گمراہ کرنے کی ناکام کوشش کی جارہی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ مخالفین کو ایک بات (بقیہ نمبر21)

جناح ہاؤس حملہ کیس خدیجہ شاہ و دیگر کی درخواست ضمانت پر سماعت ملتوی

لاہور ہائیکورٹ میں جناح ہاؤس حملہ کیس میں گرفتار ملزمان کی ضمانت کیلئے دائر درخواستوں پر سماعت ہوئی

درخواست گزاروں کی جانب سے مؤقف اختیار کیا گیا کہ درخواست گزاروں کی شناخت پریڈ میں قانونی تقاضے پورے نہیں کئے گئے

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے جناح ہاس حملہ کیس میں گرفتار ملزمان کی ضمانت کے معاملے پر پی ٹی آئی رہنما عالیہ حمزہ اور خدیجہ شاہ سمیت دیگر کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ملتوی کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ میں جناح ہاس حملہ کیس میں گرفتار ملزمان کی ضمانت کیلئے دائر درخواستوں (بقیہ نمبر 16)

صحافی جان محمد مہر کے قتل میں ملوث تین ملزمان مزید جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

واضح رہے کہ عدالت نے اس سے قبل بھی ملزمان کا چھ روزہ جسمانی ریمانڈ دیا تھا

سکھر (نیوز رپورٹر) سکھر کے سینیئر صحافی جان محمد مہر قتل کیس میں گرفتار تین ملزمان کو مزید 6 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ مقتول صحافی جان محمد مہر کے قتل کیس میں (بقیہ نمبر 19)

لاپتہ شہری خان زادہ گھر واپس پہنچ گیا، پولیس حکام کی لاعلمی، سندھ ہائی کورٹ نے سرزنش کردی

کراچی (نیوز رپورٹر) لاپتہ شہری خان زادہ گھر واپس پہنچ گیا، پولیس حکام کی لاعلمی پر سندھ ہائی کورٹ نے سرزنش کردی اور کہا کہ بہت ہی افسوسناک صورتحال ہے، پولیس شہری کی (بقیہ نمبر 20)

کچے کے ڈاکو فاطمہ قتل کیس کے ملزم کو بچانے کے لیے میدان میں آگئے

پیروں کی حویلیوں کی ہم خوف حفاظت کریں گے، ڈاکوؤں ہتھیار لیے دھمکی آمیز ویڈیو پیغام

خیر پور (کرائم رپورٹر) کچے کے ڈاکو فاطمہ قتل کیس کے ملزمان کو بچانے کے لیے میدان میں آگئے۔ ڈاکوؤں نے ورثا اور صحافیوں کو خطرناک ڈاکوؤں نے دھمکیوں والا ویڈیو پیغام بھیج دیا۔ ڈاکوؤں نے ہاتھوں میں جدید ہتھیار لے کر ویڈیو بھیجی۔ ڈاکوؤں نے ورثا کو دھمکا کر مقدمے سے دستبردار ہونے کا کہا۔ ڈاکوؤں نے بغیر کسی خوف کے پیروں کی حمایت میں بیان دیا۔ ڈاکوؤں نے دھمکی (بقیہ نمبر 22)

ملکی تاریخ میں پہلی بار انٹر بینک میں امریکی ڈالر 300 روپے کا ہوگیا

کراچی (نیوز رپورٹر) ملکی تاریخ میں پہلی بار انٹر بینک مارکیٹ میں ڈالر 300 روپے کا ہوگیا، ڈالر نے 200 سے 300 کا سفر 15 ماہ میں مکمل کیا۔ تفصیلات کے مطابق انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی اونچی اڑان جاری ہے (بقیہ نمبر23)

فضائی مسافروں کو سامان گم ہونے پر لاکھوں روپے معاوضہ ملے گا

سعودی محکمہ شہری ہوابازی نے مسافروں کے حقوق سے متعلق نیا لائحہ عمل جاری کر دیا

نئے لائحہ عمل کے مطابق پرواز میں 6 گھنٹے سے زیادہ تاخیر پر مسافر کو 750 ریال نقد دینا ہوں گے

ریاض (نیوز ڈیسک) سعودی محکمہ شہری ہوابازی نے مسافروں کے حقوق سے متعلق نیا لائحہ عمل جاری کرتے ہوئے فضائی مسافروں کو سامان گم ہونے پر 6568 ریال (5 لاکھ روپے سے زائد) تک رقم ادا کرنے کی ہدایت کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی محکمہ شہری (بقیہ نمبر 31)

دریائے ستلج میں ہیڈ سلیمانکی کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب، حفاظتی بند ٹوٹ گئے

دریائی بیلٹ سے ملحقہ وسیع علاقہ زیر آب آچکا ہے، جبکہ درجنوں آبادیوں کے چاروں اطراف پانی ہی پانی ہے

دوسری جانب بھارت کی جانب سے چھوڑا گیا سیلابی ریلہ ہیڈ اسلام وہاڑی پہنچنے کی اطلاعات سامنے آ رہی ہیں

لاہور: 9 مئی کے 6 مقدمات میں چیئرمین پی ٹی آئی کو شامل تفتیش کرنے کی اجازت

بہاولنگر (نیوز رپورٹر) پانی کے تیز بہاؤ کے باعث دریائے ستلج کے متعدد حفاظتی بند ٹوٹ گئے، ہیڈ سلیمانکی میں اونچے درجے کا سیلابی ریلا گزر رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق ہیڈ سلیمانکی میں پانی کی آمد اور اخراج 136632 کیوسک ہوگیا، پانی کے تیز بہاؤ کی وجہ سے متعدد عارضی حفاظتی بند اور سڑکیں ٹوٹ گئیں۔ دریائی بیلٹ سے ملحقہ وسیع علاقہ زیر آب آچکا ہے، جبکہ درجنوں آبادیوں کے چاروں اطراف پانی ہی پانی ہے، 60 سے زائد دیہات کے زمینی راستے منقطع ہوگئے، ہزاروں ایکڑ فصلیں، املاک تباہ ہوگئیں۔ انتظامیہ اور ریسکیو ٹیموں کی جانب سے اہل علاقہ کے ساتھ ملکر امدادی (بقیہ نمبر 29)

سی او بلدیہ اظہر مجید کی سربراہی میں انفورسمنٹ ٹیم کا دوسرے روز آپریشن جاری

تجاوز مافیا کی جانب عملے کے ساتھ مزاحمت مقامی پولیس طلب 3 مقدمات درج

ٹرالی، لوڈر رکشہ، اور سوزوکی کے ذریعے ریڑھیاں دیگر سامان بلدیہ آفس منتقل

گوجرخان (قمر شہزاد) گورنمنٹ آف پنجاب کے احکامات اور عوامی شکایات کی بنا پر اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ کی زیر نگرانی جی ٹی روڈ کی دونوں اطراف پر تجاوز ریڑھی بانوں ٹھیے لگانے والوں کے خلاف دوسرے روز بھی آپریشن جاری تفصیلات کے مطابق سی (بقیہ نمبر 27)

آئی جی سندھ رفعت مختار نے پولیس کے لیے نئی ہدایت جاری کر دی

سندھ پولیس موثر انداز میں جرائم، دہشتگردی کے خلاف سرگرم عمل ہے

آئندہ میں درپیش چیلنجز سے نمٹنے میں سندھ پولیس کی ترجیحات ہونگیں، رفعت مختار

کراچی (نیوز رپورٹر) نئے آئی جی سندھ رفعت مختار نے سندھ پولیس کیلئے پیغام اور نئی ہدایت جاری کردی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی سندھ رفعت مختار نے سندھ پولیس کو عام انتخابات کیلئے محفوظ ماحول یقینی بنانے کی ہدایت جاری کردی۔ نئے آئی جی سندھ رفعت مختار کی جانب سے تین زبانوں سندھی، انگلش اور اردو میں پیغام جاری کیا گیا ہے، جس میں انہوں نے کہا ہے کہ اللہ کا کرم ہے مجھے سندھ پولیس کے 84 ویں آئی جی کی کمانڈ کا اعزاز بخشا گیا۔ سندھ پولیس فورس کی کمانڈ اور رہنمائی (بقیہ نمبر 28)

محکمہ لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ فیصل آباد کا مویشیوں کو مختلف بیماریوں سے بچانے کے لیے کریک ڈاؤن شروع

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) محکمہ لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ فیصل آباد نے مویشیوں کو جعلی، ناقص، غیر معیاری خوراک کے استعمال کے باعث مختلف بیماریوں سے بچانے کے لیے کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا ہے اور ڈویژن بھر میں جعلی کھل (بقیہ نمبر25)

پاکستان پینٹ اینڈ کنسٹرکشن کیمیکلز ایکسپو 14 ستمبر سے شروع ہوگی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان کوٹنگ ایسوسی ایشن کے زیراہتمام پاکستان پینٹ اینڈ کنسٹرکشن کیمیکلز ایکسپو 14 ستمبر سے شروع ہوگی۔ پاکستان کوٹنگ ایسوسی ایشن کے ذرائع کے مطابق ملک میں پینٹ اور کنسٹرکشن انڈسٹری کے فروغ کے لیے پاکستان کوٹنگ ایسوسی ایشن نے پاکستان پینٹ (بقیہ نمبر 26)

الیاس گوٹھ ضلع ملیر میں پیپلز پارٹی نے ترقیاتی کام مزید تیز کر دیا

داؤد گوٹھ سے نیوی روڈ اور نیوی روڈ سے کیفے کنارہ تک تعمیر کا کام مکمل

کراچی (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی پی ایس 91 ضلع ملیر سابقہ ایم پی اے محمود عالم جاموٹ، سابقہ ایم این اے سید آغا رفیع اللہ اور صدر جان عالم جاموٹ کی انتھک محنت اور کاوشوں سے الیاس گوٹھ اسلم والی پٹی میں روڈ کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ روڈ تعمیر کروانے کی وجہ سے عوام کی بہت بڑی مشکلات میں آسانی ہوگی کیونکہ یہ روڈ الیاس گوٹھ ضلع ملیر اور کورنگی اکیاون سی کو آپس میں جوڑنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس روڈ پر بہت بڑے گڑھے تھے جس کی وجہ سے علاقے کی عوام کو آنے جانے میں (بقیہ نمبر24)



لاہور: جناح ہاس حملہ کیس: خدیجہ شاہ و دیگر کی درخواست ضمانت پر سماعت ملتوی

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بجلی کی تقسیم کار کمپنیاں صوبوں کو دینے کا فیصلہ

نگران وزیراعظم نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کو صوبوں کی ملکیت میں دینے کی سمری وفاقی کابینہ کو منظوری کے لیے بھجوا دی ہے۔ نگران حکومت نے بجلی کی فروخت، تقسیم اور ٹیرف کا موجودہ نظام ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے مطابق یکساں ٹیرف ختم کرتے ہوئے بجلی کی قیمت اور سبسڈی کی ذمہ داری صوبوں کو دی جائے گی۔ حکومت نے حیدر آباد اور سکھر کی الیکٹرک سپلائی کمپنیاں سندھ، کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی بلوچستان جبکہ لاہور، گوجرانوالہ، فیصل آباد اور ملتان کی الیکٹرک سپلائی کمپنیاں پنجاب کی ملکیت میں دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسلام آباد الیکٹرک کمپنی کی ملکیت وفاق اور پنجاب کی مشترکہ ہوگی جبکہ پشاور اور ٹرائبل الیکٹرک سپلائی کمپنیاں خیبر پختونخوا کے حوالے کی جائیں گی۔ دستاویز کے مطابق تقسیم کار کمپنیوں کو صوبوں کے حوالے کرنے کی پالیسی کا فریم ورک بھی تیار کر لیا گیا ہے۔ پاکستان اپنے قیام کے پہلے روز سے ہی توانائی کے بحران کا سامنا کر رہا ہے۔ 1947 میں پاکستان کی بجلی کی مجموعی پیداوار 100 میگاواٹ سے بھی کم تھی، بجلی کی پیداوار کئی گنا بڑھائی گئی ہے، ہزاروں میگاواٹ بجلی بن رہی ہے تاہم توانائی کا بحران آج بھی موجود ہے۔ بجلی کے حصول کے لیے پانی، تیل، گیس اور کوئلے کے روایتی ذرائع کے علاوہ نیوکلیئر) جوہری (شمسی) سورج (اور ونڈ) ہوا (کو بھی استعمال کیا جا رہا ہے تاہم مجموعی پیداوار کا 60 فیصد سے زائد تھرمل یعنی تیل اور گیس سے حاصل کیا جاتا ہے، پانی کے ذریعے ہائیڈل پیداوار 25 فیصد کے قریب جبکہ جوہری پاور پلانٹس لگ بھگ 12 فیصد بجلی پیدا کر رہے ہیں۔ قابل تجدید توانائی کے ذریعے، یعنی ونڈ اور سولر سے قریبا تین فیصد بجلی بنائی جا رہی ہے۔ آبادی بڑھنے اور صنعتی ترقی کی وجہ سے یہ بجلی کی طلب آج بھی رسد کے مقابلے میں کم ہے۔ بجلی کی طلب اور رسد کو لوڈشیڈنگ کے ذریعے کنٹرول کیا جاتا ہے۔ صورتحال کچھ یوں ہے کہ توانائی کے شعبے میں قرض ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق مئی 2023 کے آخر تک یہ قرض 26 کھرب 50 ارب روپے تک پہنچ گیا جو گزشتہ مالی سال کے آغاز پر 22 کھرب 50 ارب روپے تھا۔ قیام پاکستان کے بعد 1958 میں واٹر اینڈ پاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی) واپڈا (کا قیام عمل میں لایا گیا تاکہ ملک میں بجلی کی سپلائی اور بلوں کی وصولی کا نظام قائم کیا جا سکے۔ 1994 میں واپڈا کے پاور ونگ کے زیر انتظام پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ) پیپکو (کی زیر نگرانی ڈسٹری بیوشن اور پاور سپلائی سسٹم کو 12 ترسیلی کمپنیوں میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا گیا جس پر 1998 میں عملدرآمد کیا گیا۔ ہر کمپنی کا علیحدہ علیحدہ چیف ایگزیکٹو افسر مقرر کر دیا گیا اور یوں ملک بھر کے اہم شہروں میں اِن بجلی سپلائی کمپنیوں نے کام شروع کر دیا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو نے انرجی کے مسائل پر قابو پانے کے لیے آئی پی پیز کو معاہدے کے تحت بجلی پیدا کرنے کی اجازت دے دی، کاروباری نوعیت کی یہ کمپنیاں مہنگے داموں بجلی نیشنل گرڈ کو مہیا کرتی ہیں۔ اِس وقت بجلی کا بنیادی ٹیرف 29 روپے 87 پیسے ہے جو گزشتہ سال 24 روپے 82 پیسے تھا تاہم بجلی کی مختلف سلیبوں کے تحت فی یونٹ قیمت بھی مختلف ہے، ایک یونٹ سے 100 یونٹ اور پھر ہر 100 یونٹ کے بعد بجلی کی قیمت بڑھ جاتی ہے، بجلی کی فی یونٹ قیمت 16 روپے 48 پیسے سے شروع ہو کر 700 سے زائد یونٹ استعمال کرنے والوں کے لیے مختلف ٹیکس ملا کر لگ بھگ 50 روپے فی یونٹ تک ہے۔ بجلی کے بل کا انحصار پیک آورز اور آف پیک آورز کے درمیان بجلی کے استعمال پر ہوتا ہے۔ بجلی کی پیداوار کا زیادہ تر انحصار تھرمل پر ہے اس لئے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بجلی کی پیداواری قیمت میں ہوشربا اضافے کا سبب ہیں، انہی قیمتوں کی وجہ سے مہنگائی کے طوفان نے بھی ملک کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ گردشی قرضوں میں اضافے کی ایک بڑی وجہ بجلی کی چوری اور بلوں کی عدم ادائیگی بھی ہے، بعض علاقوں میں تو ڈنکے کی چوٹ پر بجلی چوری کی جاتی ہے۔ ایک جانب شہری جیسے تیسے بل ادا کرتے ہیں تو دوسری طرف بعض علاقوں میں بجلی کے بلوں کی ادائیگی کا کوئی تصور ہی نہیں ہے، آج تک بجلی کی چوری روکی جا سکی ہے اور نہ ہی بلوں کی سو فیصد وصولی کا فول پروف نظام بنایا جا سکا ہے۔ دنیا بھر میں پاور سیکٹر پرائیویٹ کر دیا گیا لیکن ہمارے ہاں یہ قومی خزانے پر بوجھ ہے، بجلی کے حصول کے لیے بھی روایتی طریقوں پر ہی انحصار کیا جا رہا ہے، اس کی کھپت کو پورا کرنے کی کوئی واضح اور جامع منصوبہ بندی نظر نہیں آتی۔ سیلاب اور بارشیں آئے روز تباہی کا سبب بنتی ہیں لیکن اس قیمتی پانی کو ذخیرہ نہیں کیا جا سکتا کالاباغ ڈیم تو ایک طرف، سیلابی پانی ذخیرہ کرنے والے ڈیم بھی نہیں بنائے جا سکے۔ بھارت کی طرح دریاں پر ڈیم بنا لیے جاتے تو بجلی کی پیداوار شاید اتنا بڑا مسئلہ نہ ہوتی۔ انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ ایک عرصے سے مطالبہ کر رہا ہے کہ بجلی پر دی جانے والی سبسڈی کا خاتمہ کیا جائے اور پاور کمپنیوں کو خود مختار بنایا جائے۔

سید خالد جاوید مشہدی، ایک عہد کا نام

سید خالد جاوید مشہدی ہم چار بھائیوں میں سب سے بڑے ہیں۔ ان کی زندگی کی کہانی مسلسل محنت، کوشش، جستجو، اپنے کام سے محبت اور بھرپور امید سے عبارت ہے۔ آتش جوانی کے دنوں میں غصے اور لاابالی کے جذبات سے بھرپور شخصیت آج کی ایک ٹھہری اور مستقبل مزاج شخصیت کے درمیان کا سفر ۔ اباجی مرحوم کے انہیں ڈاکٹر بنانے کے خوابوں سے لے کر نوائے وقت جیسے بڑے اخبار کے نیوز ایڈیٹر تک کا سفر ہے۔ یہ طویل لیکن پر مشقت

سید طارق جاوید مشہدی

سفر سائیکل، موٹر سائیکل، میڈیکل پریکٹس، کپڑے کا کاروبار، چھوٹی موٹی زمینداری، نوائے وقت کے 35 سال، اپنے والدین، بھائیوں، رشتہ داروں، اہل علاقہ کی بے لوث خدمت اور ان کا ہر طرح سے خیال رکھنا، ملتان میں اپنے گھر کی تعمیر، اپنے دونوں بچوں محسن اور گڑیا کی شادیاں، دو عمرے، بھابھی اور بیٹے محسن کا ایک عمرہ، گاڑی، نوائے وقت کے ادارتی صفحہ پر مضامین اور کالمز جن میں سے کچھ انڈین اخبار و جرائد میں بھی شائع ہوئے، فیملی میگزین میں سالہا سال سیاسی ڈائری کی اشاعت، کم و بیش دس انگریزی سے اردو کتب کا ترجمہ، سفرنامہ حجاز) اے اللہ میں حاضر ہوں (سیاسی کالمز کا مجموعہ) مگر یہ حکم حاکم تھا(، اپنی خودنوشت) سفرحیات کا (اور اس طرح کے بے شمار واقعات پر مشتمل ہے۔ بظاہر یہ معمول کے کام ہیں جو ہر کامیاب انسان کو کرنا ہوتے ہیں مگر میں ان سب چیزوں کو غیر معمولی اس لئے سمجھتا ہوں کہ جہانیاں منڈی کی چند گھروں پر مشتمل ایک چھوٹی سی بستی ظفر آباد سے اٹھ کر شہر میں آ کر اپنا نام بنانا ایک کٹھن مرحلہ ہوتا ہے، جو انہوں نے اللہ کے فضل سے کیا۔ خالد بھائی نے نوائے وقت میں اس وقت ملازمت شروع کی جب نیوز سیکشن کا سارا کام انگریزی زبان سے اردو میں ہوتا تھا۔ ایک بستی سے ملتان آ کر جس مہارت اور خوبصورتی سے انہوں نے یہ کام کیا، سب ان کی تعریف کرتے تھے۔ انہوں نے نوائے وقت میں بطور سب ایڈیٹر، میگزین ایڈیٹر، نیوز ایڈیٹر اور بوقت ضرورت قائم مقام ریزیڈنٹ ایڈیٹر کے طور پر کام کیا اور بھرپور کیا۔

نوائے وقت میں بطور ایڈیٹران کے کام کی نوعیت مختلف تھی مگر لکھنا لکھانا الحمدللہ ہمارے خاندان کی پہچان ہے جس کو خالد بھائی نے احسن انداز میں نبھایا۔ مشہدی خاندان میں لکھنے لکھانے کا آغاز ہمارے مرحوم مغفور دادا جان سید محمد شریف گھڑیالوی نے تقسیم ہند سے پہلے گھڑیالہ، انڈیا میں رہتے ہوئے کیا تھا۔ دادا جان کے بعد ہمارے مرحومین تایا جان سید عبدالرحمٰن مشہدی، سید اسماعیل مشہدی، اباجی مرحوم سید ابراہیم مشہدی، ماموں سید عبدالخالق مشہدی، مذہبی سکالر سید محمد اکرم گیلانی، کزنز سید شمس السلام کاظمی) مرحوم(، سید منیر بخاری، سید اشرف مشہدی، بھائیوں ڈاکٹر احمد فاروق مشہدی مرحوم، سید محمد اسحاق مشہدی، راقم طارق مشہدی، نئی نسل میں سیدہ راشدہ گیلانی، سیدہ حمیرا خالد مشہدی) خالد بھائی کی بیٹی(، سید زاہد مشہدی، سید حسان مشہدی، سید ابتسام مشہدی اور سید اسد مشہدی شامل ہیں۔ ان میں سے کچھ صاحب کتب مصنفین ہیں۔ گویا لکھنا لکھانا خاندان مشہدی کا اوڑھنا بچھونا ہے۔ جناب خالد جاوید مشہدی اس میدان میں نئی نسل کے استاد اور راہنما ہیں۔ ان کی زندگی ان لوگوں کے لئے ایک نمونہ ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ زندگی میں کامیابیوں کے لئے اچھا ماحول اور بہت سے وسائل ہوں۔ انہوں نے ان سب کے بغیر یہ سب کچھ حاصل کیا۔ ملتان میں اپنی عملی زندگی کا آغاز جلیل آباد کے ایک کمرے کے چھوٹے سے چوبارے سے کیا۔ اسی جگہ بیٹھ کر نوائے وقت کے ادارتی صفحات کے لئے وہ مضامین لکھے جو غیر ملکی اخبار و جرائد میں بھی شائع ہوئے۔ وہ اپنی ذات میں ایک ادارہ، نئی نسل کے لئے محنت و کامیابیوں کی زندہ مثال ہیں۔ ان کی ان سب کامیابیوں میں اللہ کا کرم، والدین کی دعائیں، ان کی اپنی محنت، ہماری بھابھی کی بہت ساری قربانیوں اور ان کے بچوں کا تعاون شامل ہے۔ نوائے وقت ملتان کی ملازمت کے آغاز میں انہیں نوائے وقت لاہور کے ادارتی صفحہ پر کام کرنے کی دو بار پیشکش ہوئی جو انہوں نے قبول نہ کی، بس ملتان سے محبت نے انہیں یہیں رکھا۔ اسی میں اللہ کی طرف سے بہتری تھی۔ اللہ سے دعا ہے کہ اللہ انہیں صحت کاملہ عطا فرمائے اور ہم سب کے لئے ان کی راہنمائی کا سایہ تادیر قائم رہے۔ آمین۔

سید خالد جاوید مشہدی ہم چار بھائیوں میں سب سے بڑے ہیں۔ ان کی زندگی کی کہانی مسلسل محنت، کوشش، جستجو، اپنے کام سے محبت اور بھرپور امید سے عبارت ہے۔ آتش جوانی کے دنوں میں غصے اور لاابالی کے جذبات سے بھرپور شخصیت آج کی ایک ٹھہری اور مستقبل مزاج شخصیت کے درمیان کا سفر ۔ اباجی مرحوم کے انہیں ڈاکٹر بنانے کے خوابوں سے لے کر نوائے وقت جیسے بڑے اخبار کے نیوز ایڈیٹر تک کا سفر ہے۔ یہ طویل لیکن پر مشقت سفر سائیکل، موٹر سائیکل، میڈیکل پریکٹس، کپڑے کا کاروبار، چھوٹی موٹی زمینداری، نوائے وقت کے 35 سال، اپنے والدین، بھائیوں، رشتہ داروں، اہل علاقہ کی بے لوث خدمت اور ان کا ہر طرح سے خیال رکھنا، ملتان میں اپنے گھر کی تعمیر، اپنے دونوں بچوں محسن اور گڑیا کی شادیاں، دو عمرے، بھابھی اور بیٹے محسن کا ایک عمرہ، گاڑی، نوائے وقت کے ادارتی صفحہ پر مضامین اور کالمز جن میں سے کچھ انڈین اخبار و جرائد میں بھی شائع ہوئے، فیملی میگزین میں سالہا سال سیاسی ڈائری کی اشاعت، کم و بیش دس انگریزی سے اردو کتب کا ترجمہ، سفرنامہ حجاز) اے اللہ میں حاضر ہوں (سیاسی کالمز کا مجموعہ) مگر یہ حکم حاکم تھا(، اپنی خود نوشت) سفرحیات کا (اور اس طرح کے بے شمار واقعات پر مشتمل ہے۔

لڈو موتی چور کے۔۔۔

مولانا محمد حسین شیخوپوری) مرحوم (اپنے دور کے پنجابی زبان کے بہترین خطیب اور شاعر تھے۔ جب وہ تقریر کرتے تو سماں باندھ دیتے تھے۔ ان کے خطاب میں ترنم تو ہوتا ہی تھا نکتہ دانی، نکتہ وری کی بہاریں بھی تھیں۔ جہاں ان کا پروگرام ہوتا، اپنے پرائے، شوق کی ڈور سے بندھے چلے آتے، ان کا خطاب سننے اور سر دھنتے ہوئے خوب محظوظ ہوتے۔ میرے بچپن کا واقعہ ہے، حضرت شیخوپوری پسرور تشریف لائے ہم بھی اوروں کی طرح ہمہ تن گوش تھے۔ اس تقریر میں بوڑھے میاں

رانا شفیق پسروری

بیوی کی باہمی محبت اور زندگی میں مضبوط رشتے اور ایک دوسرے کے سہارا بننے کے حوالے سے گفتگو کر رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ

بوڑھے میاں بیوی، زندگی کے جس مرحلے میں ہوتے ہیں وہاں انہیں پہلے سے زیادہ دیکھ بھال اور تعاون و اعانت کی ضرورت ہوتی ہے، اولاد ان پر توجہ دینے کی بجائے اپنی دنیا میں مگن ہو جاتی ہے۔ دونوں میاں بیوی ہی ایک دوسرے کا سہارا اور دکھ درد کے ساتھی ہوتے ہیں۔ ایک دوسرے کو سنبھالتے اور مرہم کی طرح سرد آہوں سے تکلیفوں کا مداوا کرنے میں لگے رہتے ہیں۔ ایسے میں ان دونوں میں سے ایک بھی فوت ہو جائے تو دوسرا یتیم ہو جاتا ہے۔ دیکھنے والے اس کو دیکھتے ضرور ہیں مگر اس کی تنہائی اور یتیمی کا صحیح احساس اور ادراک نہیں کر پاتے۔ دنیا والوں کو بڑھاپے کا وجود چلتا پھرتا اور اٹھتا بیٹھتا ضرور دکھائی دیتا ہے مگر اس کے اندر کی آہیں، محرومیاں اور تکلیفیں نظر نہیں آتیں۔ انہیں کیا معلوم کہ اندروں ای اندر وگدار ہندا پانی دردحیاتی دا۔

حضرت شیخوپوری کی یہ پرانی بات مجھے ایک بڑے آدمی کی شادی کے حوالے سے اڑنے والی خبروں اور رنگارنگ تبصروں کو دیکھ کر یاد آ گئی ہے۔ میں حیران ہوں کہ لوگ اس شادی پر بیٹھے مزاحیہ اور طنزیہ تبصرے کیوں کر رہے ہیں؟ اور چڑانے والے فقرے کیوں کس رہے ہیں؟ انہیں یہ احساس کیوں نہیں کہ ایک بڑا آدمی عمر کے اِس حصے میں شادی کیوں کر رہا ہے؟ اور کیوں اپنی ذات کو اپنے مخالفین کے طنز و مزاح کا نشانہ بنا رہا ہے؟ کون جانے کیا کیا مجبوریاں تھیں جس نے اِس شادی کو سرخیاں عطا کر دی ہیں۔ لوگ تو اپنے رنگ بکھیر رہے ہیں یا اپنی عینک کے رنگوں سے رنگین نظارے دیکھ رہے ہیں اور اس کے مطابق بتا رہے ہیں۔

اِسی طرح ایک شادی اور بھی ہوئی تھی مگر وہ بظاہر کسی احساس تنہائی یا احساس محرومی کے باعث نہ تھی۔ وہ اگرچہ اس لیڈر کی تیسری شادی تھی مگر اس بارے میں کہنے والے صرف یہی کہتے چلے جا رہے تھے کہ روحانی ٹوٹکے کے طور پر شادی کی گئی ہے۔ ان کے روحانی رہنما نے یہی رہنمائی کی تھی کہ اگر اس گھر میں شادی ہو گی تو وزارت عظمیٰ تک رسائی ہو جائے گی اور جب تک دولہا میاں وزیراعظم نہیں بنیں گے ملک کے حالات نہیں بدلیں گے اور نہ ہی ملک ترقی سے ہمکنار ہو جائے گا۔

لوگ سیاسی و ملکی مفاد میں کی گئی اس شادی، خاص طور پر انہونے اور انوکھے طریقے سے ہوئی شادی کے بارے میں بھی کیا کچھ نہیں کہتے رہے، وہ لوگ اِس شادی کے روحانی پہلوں پر بھی اپنی مرضی کے تبصرے کرتے جا رہے تھے اور ملک و قوم کی خاطر قربانی دینے والے شوہر کے جذبہ ایثار کو سراہنے کی بجائے اس کے مالی و سیاسی مفادات کے حوالے سے فقرہ بازی کرنے میں لگے رہے۔ حقیقت یہ ہے کہ میں لوگوں کے ایسے رویے کو پسند نہیں کرتا۔ میں اِس شادی کے روحانی پس منظر پر بھی بہت کچھ کہہ سکتا تھا مگر تبصرہ کر کے کسی سیاسی کارکن کی دِل آزاری کا باعث نہیں بنا چاہتا تھا۔ نو بیاہتا جوڑے کو مبارکباد پیش کرتا رہا اور اس کو تادم حیات اچھی اور پرسکون ازدواجی زندگی کی دعاں کا تحفہ پیش کرتا رہا۔ ملک و قوم کی بہتری کی خاطر شادی کے روحانی پس منظر سے ہٹ کر بھی میں اِس شادی کو ایک بڑے سیاسی لیڈر کے لیے نہایت ضروری خیال کرتا تھا۔) یہ الگ بات کہ بعد میں اِس سیاسی روحانی شادی کا بھگتان ملک و قوم کو کس طرح بھگتنا پڑا وہ سب پر عیاں ہو چکا ہے۔

میرا مشاہدہ اور تجربہ ہے کہ ایک لیڈر کو پر عزم سفر اور اطمینان و اعتماد والی قیادت کے لیے گھر سے سکون ملنا از حد ضروری ہے اور اس کے لیے ایک اچھی گھر والی ایک نعمت سے کم نہیں۔ حضرت شیخوپوری کی بات کو دہراتے ہوئے، عرض کروں کہ صرف اچھی سیاست یا پرسکون زندگی ہی کے لیے اچھی بیوی کی ضرورت نہیں ہوتی، بڑھاپے اور بالخصوص عمر کے اِس حصے میں جب آدمی کے سٹھیا جانے کا مرحلہ بھی در آئے، ایک بااعتماد جیون ساتھی کی ضرورت ہوتی ہے جو دکھ سکھ کا بھی ساتھی ہو اور گرنے پڑنے میں سہارا بھی بن جائے۔

میں نے اس وقت بھی کہا تھا: میں اِس سیاسی روحانی شادی پر طنز یا تبصرہ کی بجائے خوشی ہی کا اظہار کروں گا اور دولہا نما لیڈر کی شادیوں کے پہلے تجربوں کے برعکس لمبے اور تاحیات ساتھ رہنے کی دعاں کے ساتھ یہ بھی دعا ہے کہ میری دعا قبول ہو۔ میں اپنی جیب سے اپنے ساتھیوں کو اس تاریخی شادی پر لڈو بھی کھلاں گا اور وہ لڈو بھی موتی چور کے۔۔۔! اور آج جبکہ کسی اور لیڈر کی تازہ شادی کی خبر سنی ہے تو بڑے لیڈر کی پرانی سیاسی روحانی شادی کے حوالے سے بھی عجیب خبریں سماعت و بصارت کے دائرے میں آ رہی ہیں، عدالتوں میں مقدمات بھی چلنا شروع ہو گئے ہیں، نکاح کو مشکوک حتی کہ باطل تک قرار دیئے جانے کی بحثیں بھی چل رہی ہیں اور علیحدگی کی افواہیں بھی اڑ رہی ہیں۔ ایسے میں لگتا ہے میں نے جو موتی چور کے لڈو کھلانے تھے وہ رائیگاں جائیں گے۔۔۔

جماعت اسلامی بلوچستان سے انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی

جناب لیاقت بلوچ نائب امیر جماعت اسلامی نے واضح طور پر کہا ہے کہ جماعت اسلامی بلوچستان میں ترازو کے نشان پر عام انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی۔ بلوچستان میں برس ہا برس سے اقتدار میں آنے والی پارٹیوں، قیادتوں، سرداروں، نوابوں، خانوں اور وڈیروں کے پروردہ نام نہاد

ریاض احمد چودھری

سیاسی عناصر نے بلوچستان میں کرپشن، بدانتظامی اور عوام دشمنی کے پہاڑ کھڑے کر دیے ہیں۔ بلوچستان کے عوام مسیحا کی تلاش میں ہیں۔ جماعت اسلامی بلوچستان کے عوام کو بیدار، متحرک اور منظم کر کے عوام کو حقوق دلائے گی۔

جماعت اسلامی میں قومی امور کے صدر نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا، جغرافیائی اور قدرتی وسائل سے مالا مال بہت اہم صوبہ ہے۔ 76 سال سے بلوچستان پر مسلط فوجی اور اقتدار مافیا ادوار نے عوام پر تباہی مسلط کر دی ہے۔ گوادر مکران میں "حق دو تحریک" نے عوام میں شعور، امید اور نیا حوصلہ پیدا کیا ہے۔ بلوچستان کو کرپشن سے نجات دلانی ہوگی اور انسانی بنیادی حقوق کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی۔ پاک، چین اقتصادی راہداری منصوبہ) سی پیک (سے استفادہ کا پہلا حق بلوچستان کے عوام کا ہے۔ بلوچستان کے بلدیاتی اداروں کو صوبائی حکومت کام کرنے دے، ترقیاتی فنڈز مہیا کرے، گوادر کے ماہی گیروں کا تحفظ کیا جائے، بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور باعزت زندگی کا حق لازماً دینا ہوگا۔ لاپتہ افراد کی بازیابی حکومت اور ریاستی اداروں کی گردن پر قرض ہے۔ بلوچستان میں بیرونی عناصر، ملک اور امن دشمن قوتوں سے نجات کے لیے بلوچستان کے عوام کا اعتماد بحال کیا جائے اور سیکیورٹی چیکنگ کے نام پر انسانیت سوز سلوک اور تذلیل بند کی جائے۔ مکران ڈویژن کے عوام کو ایران سے بارڈر ٹریڈ کی مشکلات سے نجات دلائی اس حقیقت سے انکار نہیں کہ قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ بلوچستان انتہائی پسماندہ ہے؟ تمام سیاسی پارٹیوں کا منشور عوام کی فلاح اور معاشرے کی ترقی ہوتا ہے لیکن جب یہ پارٹیاں اقتدار میں آتی ہیں تو اپنے اصل مقصد اور منشور سے منہ پھیر لیتی ہیں۔ ہر حکومت چاہتی ہے کہ عوام کا معیار زندگی بہتر ہو مگر بلوچستان میں یہ ترجیح پوری نہیں ہوتی۔ آج بھی بلوچستان میں ایسے کئی سیاسی حضرات موجود ہیں جو نسل در نسل وزارت اعلی اور دوسری اہم وزارتوں پر براجمان رہ چکے ہیں لیکن ان کے انتخابی حلقے کسی تباہ حال اور جنگ زدہ علاقے کی منظر کشی کرتے ہیں۔

بلوچستان کی پسماندگی میں وہاں کی سیاسی قیادت اور سرداری نظام بھی ذمہ دار ہے۔ وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم ہو یا این ایف سی ایوارڈ کے تحت ملنے والے فنڈز میں کمی، بلوچستان کی سیاسی قیادت کی خاموشی کا نتیجہ ہے آج بلوچستان کے باسی بھگت رہے ہیں۔ موروثی سیاست، جاگیردارانہ نظام آج بھی بلوچستان کی سیاست پر حاوی ہے۔ نائب امیر جماعت اسلامی کا کہنا بالکل بجا ہے کہ بلوچستان کے عوامی اور سیاسی مسائل کو جماعت اسلامی ہی حل کر سکتی ہے۔ جماعت اسلامی صوبہ کے عوام کو دیانت دار قیادت فراہم کر کے مسائل مشکلات سے نجات اور حقوق دلا کر ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کریں گی۔ عوام مسائل کے حل، حقوق کے حصول، لٹیروں سے نجات اور خدمت کے جذبے سے سرشار نمائندوں کے انتخاب کیلئے الیکشن میں جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ جماعت اسلامی عوام کو سلگتے مسائل سے نجات دیکر امن ترقی اور خوشحالی فراہم کرے گی۔

شوبز SHOWBIZ

نازک کلی کی مانند خوبرو اداکارہ عروہ حسین کے حسن نے ہلچل مچادی

اداکارہ نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر گلیمرس سے بھرپور دلکش تصاویر شیئر

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی نازک کلی کی مانند خوبرو اداکارہ عروہ حسین کے حسن نے ہر سو ہلچل مچا دی۔ دلکش نین نقش کی مالک، حسن کی ملکہ اداکارہ عروہ حسین کے حالیہ فوٹو شوٹ نے انٹرنیٹ کی دنیا میں ایک طوفان برپا کر دیا۔ اداکارہ نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر گلیمرس سے بھرپور دلکش تصاویر شیئر کیں جو سب کی توجہ کا مرکز بن گئیں۔ مذکورہ تصویر میں عروہ کو پری سے مماثلت کرتا حسین سفید لباس میں دیکھا جا سکتا ہے، جس پر خوبصورت میک اپ اور دیدہ زیب زیورات انکے حسن میں مزید اضافہ کر رہا ہے۔

عالیہ بھٹ اور کنگنا رناوت نیشنل ایوارڈ 2023 کیلئے نامزد

گزشتہ سال کا بہترین اداکار کا ایوارڈ سوریہ پوترو اور اجے دیوگن کو دیا گیا تھا

گنگوبائی کیلئے عالیہ بھٹ اور تھلائیوی کیلئے کنگنا رناوت کا نام گردش کر رہا ہے

دہلی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ عالیہ بھٹ یا تھلائیوی کی اداکارہ کنگنا رناوت 69 ویں نیشنل فلم ایوارڈ کون حاصل کرے گا مداحوں میں بحث چھڑ گئی۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق 69 ویں نیشنل ایوارڈز کا اعلان جلد نیشنل میڈیا سینٹر، نئی دہلی میں جیوری کی طرف سے ایک پریس کانفرنس کے دوران کیا جائے گا۔ سوشل میڈیا پر مشہور فلم گنگوبائی کیلئے عالیہ بھٹ اور تھلائیوی کیلئے کنگنا رناوت کا نام گردش کر رہا ہے جنہیں ممکنا طور پر بہترین اداکارہ کے ایوارڈز کیلئے منتخب کیا جا سکتا ہے تاہم سرکاری اعلان کا انتظار ہے۔ رواں برس عالیہ بھٹ نے کامیاب فلم گنگوبائی سے عالمی توجہ اپنی طرف سمیٹی جبکہ کنگنا رناوت کی فلم تھلائیوی بھی مقبول ہوئی۔ سوشل میڈیا پر جاری تبصروں میں عالیہ اور کنگنا کے مداحوں کا کہنا ہے کہ انہیں بہترین اداکارہ کے ایوارڈ سے نوازا جانا چاہیے۔ گزشتہ سال کا بہترین اداکار کا ایوارڈ سوریہ پوترو اور اجے دیوگن کو دیا گیا تھا جبکہ بہترین اداکارہ کا ایوارڈ اپرنا بالمورالی نے حاصل کیا تھا۔ سوشل میڈیا پر مشہور فلم گنگوبائی کیلئے عالیہ بھٹ اور تھلائیوی کیلئے کنگنا رناوت کا نام گردش کر رہا ہے جنہیں ممکنا طور پر بہترین اداکارہ کے ایوارڈز کیلئے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

نعمان حبیب کی سالگرہ، دلکش تصاویر وائرل

فضل حسین، جویریہ سعود اور سعود قاسمی اور دیگر ممبران بھی شامل تھے

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار نعمان حبیب نے اپنی 28 ویں سالگرہ کی خوبصورت تصاویر مداحوں کیساتھ شیئر کر دیں۔ مشہور ڈرامہ سیریل "یہ زندگی ہے" سے اپنے شوبز کیریئر کا آغاز کرنے والے اداکار نعمان حبیب نے گزشتہ روز اپنی 28 ویں سالگرہ مناتے ہوئے دلکش تصاویر کو سوشل میڈیا کی زینت بنا دیا۔ اداکار نعمان حبیب نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر سالگرہ کی مناسبت سے دلکش تصاویر اپلوڈ کیں جس میں انہوں نے اپنی فیملی کے ساتھ قیمتی لمحات کو مداحوں سے شیئر کیا۔

عائزہ خان نے 'لہنگا چولی' میں اپنی خوبصورتی کے جلوے بکھیر دیئے

عائزہ خان ان دنوں اپنے دلکش فوٹو شوٹ سے سوشل میڈیا کی زینت بنی ہوئی ہیں



لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی خوبرو اداکارہ اور ماڈل عائزہ خان نے خوبصورت "لہنگا چولی" میں اپنی خوبصورتی کے جلوے بکھیر دیئے۔ جاندار اداکاری، خوبصورت نین نقش کی مالک، فیشن آئیکون عائزہ خان ان دنوں اپنے دلکش فوٹو شوٹ سے سوشل میڈیا کی زینت بنی ہوئی ہیں جس کے ہر روپ نے مداحوں پر اپنا سحر طاری کیا ہوا ہے۔ ڈرامہ سیریل "میں" میں جاندار اداکاری کے سبب مداحوں کے دلوں میں راج کرنے والی اداکارہ عائزہ خان نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی دلکش تصاویر شیئر کیں جس نے سب کی توجہ اپنی جانب مبذول کرالی۔

بھارتی اداکارہ راکھی ساونت نے شوہر عادل پر ایک اور الزام عائد کر دیا

ممبئی (شوبز نیوز) بھارت کی نامور ماڈل و اداکارہ راکھی ساونت نے اپنے شوہر پر الزام عائد کیا ہے کہ عادل درانی نے ان کی غیر اخلاقی ویڈیوز لاکھوں میں دبئی میں فروخت کیں۔ ں ایک پریس کانفرنس کے دوران راکھی نے عادل پر سنگین نوعیت کے الزامات لگائے اور کہا میں باتھ روم میں تھی اور عادل میری ویڈیوز بنا رہا تھا، اس کے پاس ایسی بہت ساری برہنہ ویڈیوز ہیں جس پر میں خاموش تھی۔ اداکارہ نے کہا اگر وہ ویڈیوز وائرل ہو گئیں تو میں کیا کروں گی، زہر کھا لوں؟ خودکشی کر لوں؟ میں کہاں جاں؟ میں دنیا کو کیا چہرہ دکھاں گی؟ کس معاشرے میں رہوں گی؟

کوشش ہوتی ہے کہ ڈراموں کے ذریعے دوسروں تک اچھا پیغام پہنچے: احسن خان

جب بھی کوئی اسکرپٹ پڑھتا ہوں میری کوشش ہوتی ہے کہ اچھا پہلو اجاگر کروں

کراچی (شوبز نیوز) معروف اداکار احسن خان نے کہا کہ میری کوشش ہوتی ہے ڈرامے کے ذریعے اچھا پیغام دوسروں تک پہنچے۔ اداکار احسن خان نے کہا کہ جب بھی کوئی اسکرپٹ پڑھتا ہوں میری کوشش ہوتی ہیکہ اچھا پہلو اجاگر کروں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی اصلاحی کام ہو ہم حاضر ہیں، میرے ساتھ میرے ساتھی بھی اچھے کاموں میں شریک ہوتے ہیں، پاکستان میں بہت سے چینل میں بہت سے ڈرامے بن رہے ہیں۔ اداکار احسن خان کا مزید کہنا تھا کہ میری کوشش ہوتی ہے۔ ڈرامے کے ذریعے اچھا پیغام دوسروں تک پہنچے۔

اکشے کمار کی فلم 'OMG-2' سو کروڑ کے کلب میں شامل

نئے سنگ میل کے ساتھ اکشے کمار اور سلمان خان کا ریکارڈ برابر ہو گیا ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی سپر سٹار اکشے کمار کی نئی فلم OMG-2 سو کروڑ کے کلب میں شامل ہو گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اوہ مائے گاڈ 2 کے نئے سنگ میل کے ساتھ اکشے کمار اور سلمان خان کا ریکارڈ برابر ہو گیا ہے اور دونوں کی 16 فلمیں سو کروڑ کا بزنس کر چکی ہیں۔ اجے دیوگن کی 13، شاہ رخ خان کی 8، رنویر سنگھ کی 7 اور عامر خان کی 6 فلمیں باکس آفس پر سو کروڑ کا ہندسہ عبور کر چکی ہیں، اوہ مائے گاڈ 2 کے نئے ریکارڈ کے ساتھ پنکج ترپاٹھی بھی پہلی مرتبہ سو کروڑ کے کلب میں شامل ہو چکے ہیں۔ راجکمار را، فرحان اختر، جونیئر این ٹی آر، رام چرن، انیل کپور اور دیگر بھی اپنی ایک ایک فلموں کے ساتھ یہ اعزاز رکھتے ہیں۔ بھارتی سپر سٹار اکشے کمار کی نئی فلم OMG-2 سو کروڑ کے کلب میں شامل ہو گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اوہ مائے گاڈ 2 کے نئے سنگ میل کے ساتھ اکشے کمار اور سلمان خان کا ریکارڈ برابر ہو گیا ہے اور دونوں کی 16 فلمیں سو کروڑ کا بزنس کر چکی ہیں۔ اجے دیوگن کی 13، شاہ رخ خان کی 8، رنویر سنگھ کی 7 اور عامر خان کی 6 فلمیں باکس آفس پر سو کروڑ کا ہندسہ عبور کر چکی ہیں۔

سپورٹس SPORTS

دوسرا ون ڈے: افغانستان کا پاکستان کیخلاف محتاط آغاز

دوسرا ون ڈے انٹرنیشنل میچ آج ہمبن ٹوٹا میں کھیلا جا رہا ہے

ہمبنٹوٹا (سپورٹس نیوز) پاکستان اور افغانستان کے درمیان تین ون ڈے میچز کی سیریز کا آج دوسرا میچ کھیلا جا رہا ہے، جس میں افغانستانی اوپنرز نے ٹیم کو محتاط آغاز فراہم کیا ہے۔ دوسرا ون ڈے انٹرنیشنل میچ آج ہمبن ٹوٹا میں کھیلا جا رہا ہے جہاں افغانستان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ اس وقت افغانستان کے 11 اوورز مکمل ہو چکے ہیں اور ٹیم نے بغیر کسی نقصان کے 51 رنز بنائے ہیں، اوپنر رحمٰن اللہ گرباز 33 رنز جب کہ ابراہیم زادران 11 رنز کے ساتھ کریز پر موجود ہیں۔ اس کے موقع پر افغانستان کے کپتان حشمت اللہ شہیدی کا کہنا تھا کہ ہم کم بیک کرنے کی کوشش کریں گے، 260 رنز کا ہدف ذہن میں رکھ کر میدان میں اتریں گے۔ قومی کپتان بابر اعظم نے کہا کہ وکٹ بیٹنگ کے لیے اچھی لگ رہی ہے، میچ میں بہترین بیٹنگ کی کوشش کریں گے۔ بابر اعظم کے مطابق آج قومی ٹیم میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ پاکستان نے پہلے میچ میں حریف ٹیم کو آوٹ کلاس کرتے ہوئے 142 رنز سے کامیابی حاصل کی تھی۔ پہلے ون ڈے کے ہیرو حارث روف رہے، انہوں نے صرف 18 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں تھیں۔ پاکستان نے پہلے میچ میں حریف ٹیم کو آوٹ کلاس کرتے ہوئے 142 رنز سے کامیابی حاصل کی تھی۔ پہلے ون ڈے کے ہیرو حارث روف رہے، انہوں نے صرف 18 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں تھیں۔

آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ کیلئے نامزدگیاں، پاکستانی کرکٹر بھی شامل

فاطمہ ثنا پاکستان کی جانب سے 31 ون ڈے اور 24 ٹی 20 میچز کھیل چکی ہیں

میلبرن (سپورٹس نیوز) کرکٹ آسٹریلیا نے مینز اور ویمن لیگز کے ڈرافٹ کے لیے نامزدگیوں کا اعلان کر دیا۔ کرکٹ آسٹریلیا نے ویمن بگ بیش لیگ کے ڈرافٹ کے لیے مزید اوورسیز کھلاڑیوں کی نامزدگیوں کا اعلان کیا ہے، جس میں پاکستان کی فاسٹ بالر فاطمہ ثنا کا نام بھی شامل ہے تاہم فاطمہ ثنا نے ابھی ایونٹ کے لیے دستیابی کی تصدیق کرنا ہے۔ فاطمہ ثنا پاکستان کی جانب سے 31 ون ڈے اور 24 ٹی 20 میچز کھیل چکی ہیں، فاطمہ ثنا سمیت اب تک دنیا بھر سے 46 ویمن کرکٹرز کی ڈرافٹ کے لیے نامزدگیاں ہو چکی ہیں۔ بی بی ایل کی نامزدگیوں میں افغانستان کے کرکٹرز بھی شامل ہیں، افغانستان کے راشد خان سمیت 4 کرکٹرز اوورسیز ڈرافٹ میں شامل ہیں۔ گزشتہ سیزن کے دوران کرکٹ آسٹریلیا کے افغانستان کے خلاف سیریز سے دستبردار ہونے پر اختلافات پیدا ہوئے تھے جس کے پیش نظر کئی کرکٹرز نے کھیلنے سے انکار کیا تھا۔

کیریبین پریمیئر لیگ میں سلمان ارشاد اور محمد عامر کی تباہ کن بالنگ

کولمبو (سپورٹس نیوز) کیریبین پریمیئر لیگ میں ہر طرف پاکستانی کھلاڑیوں کے جلوے ہیں، سلمان ارشاد نے تباہ کن بالنگ سے اپنی دھاک بٹھا دی۔ کیریبین پریمیر لیگ اس وقت سری لنکا میں جاری ہے جس میں جمیکا تلاواز سے کھیلنے والے سلمان ارشاد نے 27 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ سلمان نے پیٹریاٹس کے خلاف سپیل کے پہلے ہی اوور میں 3 وکٹیں حاصل کی تھیں، سلمان ارشاد نے بھارتی بیٹر امباتی رائیڈو کے علاوہ آندرے فلیچر، جوشوا ڈی سلوا اور کوربن بوش کو آٹ کیا۔ شاندار پرفارمنس پر سلمان ارشاد مین آف دی میچ بھی قرار پائے جبکہ میچ میں جمیکا سے کھیلنے والے محمد عامر نے 3 کھلاڑیوں کو آٹ کیا اور پاکستان کے عماد وسیم نے بھی میچ میں ایک وکٹ حاصل کی۔ واضح رہے کہ آزاد کشمیر کے سلمان ارشاد لاہور قلندرز پلیئر ڈیولپمنٹ پروگرام کی پراڈکٹ ہیں، سلمان نے گزشتہ پی ایس ایل میں پشاور زلمی کی نمائندگی کی تھی۔ جبکہ میچ میں جمیکا سے کھیلنے والے محمد عامر نے 3 کھلاڑیوں کو آٹ کیا اور پاکستان کے عماد وسیم نے بھی میچ میں ایک وکٹ حاصل کی۔ واضح رہے کہ آزاد کشمیر کے سلمان ارشاد لاہور قلندرز پلیئر ڈیولپمنٹ پروگرام کی پراڈکٹ ہیں، سلمان نے گزشتہ پی ایس ایل میں پشاور زلمی کی نمائندگی کی تھی۔

ممکنہ تبدیلی کی خبریں: ذکا اشرف پی سی بی دفتر نہ پہنچے

مینجمنٹ کمیٹی کے سربراہ ذکا اشرف سری لنکا سے وطن واپس پہنچ گئے



لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ) پی سی بی (مینجمنٹ کمیٹی کے سربراہ ذکا اشرف سری لنکا سے وطن واپس پہنچ گئے تاہم آج پی سی بی کے دفتر نہیں آئے۔ وزارت بین الصوبائی رابطہ) آئی پی سی (کے وزیراعظم کو خط کے بعد ذکا اشرف کی ممکنہ تبدیلی کی خبریں گرم ہیں۔ پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی کے سربراہ ذکا اشرف لنکا پریمیر لیگ کا فائنل دیکھنے سری لنکا گئے تھے جہاں انہوں نے قومی کرکٹرز سے ملاقات بھی کی تاہم ذکا اشرف سری لنکا سے وطن لوٹ آئے ہیں لیکن آج پی سی بی آفس نہیں آئے۔

بھارتی صحافی پاکستان کے بالنگ اٹیک کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکے

ممبئی (شوبز نیوز) ون ڈے سیریز کے پہلے میچ میں افغانستان کی ٹیم کو 59 رنز پر آٹ کرنے پر بھارتی صحافی پاکستان کے بالرز کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکے۔ بھارت کے معروف صحافی وکرانت گپتا نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کے پاس ایسا فاسٹ بالنگ اٹیک ہے جو نئی گیند کے ساتھ آخری اوورز میں بھی وکٹیں لینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ وکرانت گپتا نے پاکستانی سپنرز کی بھی تعریف کرتے ہوئے۔

جنوبی افریقا کا مینز اور ویمنز کرکٹرز کو یکساں معاوضہ دینے کا اعلان

یکساں معاوضوں کا اعلان ایک اہم قدم ہے، کرکٹ جنوبی افریقا کے سی ای او فولیٹسی موسیکی

جوہانسبرگ (سپورٹس نیوز) جنوبی افریقا نے خواتین کرکٹرز کو مرد کرکٹرز کے برابر معاوضہ دینے کا فیصلہ کر لیا۔ کرکٹ جنوبی افریقا نے مرد اور خواتین کرکٹرز کو یکساں معاوضہ دینے کا اعلان کیا ہے، جس کے بعد خواتین اور مرد کرکٹرز انٹرنیشنل میچز کی یکساں میچ فیس وصول کریں گے۔ عام طور پر خواتین کرکٹرز کا معاوضہ مرد کرکٹرز سے کم ہی ہوتا ہے، لیکن جنوبی افریقا، نیوزی لینڈ اور بھارت کے بعد تیسرا ملک ہے جس نے مرد اور خواتین کرکٹرز دونوں کو برابر معاوضہ دینے کا اعلان کیا ہے۔ کرکٹ جنوبی افریقا کے سی ای او فولیٹسی موسیکی کا کہنا ہے کہ یکساں معاوضوں کا اعلان ایک اہم قدم ہے۔

SOUTH AFRICA
CASTLE

قومی بلائنڈ کرکٹ ٹیم آسٹریلیا کو شکست دیکر فائنل میں پہنچ گئی

برمنگھم (شوبز نیوز) ورلڈ بلائنڈ گیمز کے دوران کرکٹ کے مقابلوں میں پاکستان کی مسلسل تیسری فتح، پول سٹیج میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے پاکستان نے ڈائریکٹ فائنل کیلئے کوالیفائی کر لیا۔ پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹیم نے آسٹریلیا بلائنڈ ٹیم کو تیسرے میچ میں 6 وکٹ سے شکست دے کر پول میچز میں لگاتار تیسری فتح حاصل کی۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے آسٹریلیا بلائنڈ کی ٹیم نے پاکستان کو 108 رنز کا ٹارگٹ دیا، آسٹریلیا کے ایم کیمرون نے 41 اور مک کارتھی نے 19 رنز بنائے جبکہ پاکستان کے مطیع اللہ، فخر عباس اور اسرار نے 2-2 وکٹیں حاصل کیں۔ پاکستان بلائنڈ کے کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 15 ویں اوور میں مطلوبہ ہدف حاصل کر لیا۔ پاکستان کے محسن خان نے 37 رنز بنائے جبکہ مطیع اللہ 23 رنز بنا کر ناٹ آٹ رہے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے پول اسٹیج میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے ڈائریکٹ فائنل میں جگہ بنالی ہے۔

ایشین والی بال چیمپئن شپ: پاکستان میڈل کی دوڑ سے آٹ

ایران (سپورٹس نیوز) ایشین والی بال چیمپئن شپ میں پاکستان میڈل کی دوڑ سے آٹ ہو گیا۔ ایران کے شہر ارومیہ میں جاری ایشین والی بال چیمپئن شپ کے ٹاپ 12 میں ایران نے پاکستان کو 3-0 سے شکست دی، ایران نے 18-25، 15-25 اور 13-25 سے کامیابی حاصل کی۔ ٹاپ 12 میں شکست کے بعد پاکستان ساتویں سے دسویں پوزیشن کے میچ کھیلے گا۔ ذرائع کے مطابق ساتویں سے دسویں پوزیشن کے پلے آف میں پاکستان 25 اگست کو ایکشن میں ہو گا، پاکستان پلے آف میں بھارت اور انڈونیشیا کے میچ کی فاتح ٹیم سے مقابلہ کرے گا۔

ایشیا کپ کیلئے نیپال کی کرکٹ ٹیم پاکستان پہنچ گئی

نیپال کی کرکٹ ٹیم 24 اگست کو کراچی میں پریکٹس میچ کھیلے گی

کراچی (شوبز نیوز) ایشیا کپ کے لیے ٹیموں کی پاکستان آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا، نیپال کی ٹیم ایونٹ میں شرکت کے لیے کراچی پہنچ گئی ہے۔ نیپال کی کرکٹ ٹیم 24 اگست کو کراچی میں پریکٹس میچ کھیلے گی جبکہ 25 اگست کو ٹریننگ سیشن کرے گی جبکہ 26 اگست کو دوسرا پریکٹس میچ کھیلے گی۔ نیپال کی کرکٹ ٹیم نے پاکستان کرکٹ بورڈ سے ایونٹ شیڈول سے قبل پاکستان آنے کی درخواست کی تھی، پاکستان اور نیپال کے درمیان ایشیا کپ کا پہلا میچ 30 اگست کو ملتان میں کھیلا جائے گا۔ یاد رہے کہ ایشیا کپ کا آغاز 30 اگست سے ہو رہا ہے، پاکستان اور سری لنکا میں ہونے والے ایشیا کپ میں پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں 2 ستمبر کو آمنے سامنے آئیں گی۔ ایشیا کپ کے لیے ٹیموں کی پاکستان آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا، نیپال کی ٹیم ایونٹ میں شرکت کے لیے کراچی پہنچ گئی ہے۔ نیپال کی کرکٹ ٹیم 24 اگست کو کراچی میں پریکٹس میچ کھیلے گی۔

بقیہ 1

کہا کہ بچوں کی گمشدگی، اغوا کے تدارک کیلئے اسلام آباد کی سطح پر زارا ایجنسی کا قیام خوش آئند ہے، زارا ایجنسی کے قیام سے گمشدہ بچوں کی بروقت تلاش، معلومات کے تبادلے میں مدد ملے گی۔ علاوہ ازیں صدر مملکت کو زینب الرٹ ایکٹ اور زارا ایجنسی کے مینڈیٹ اور کارکردگی کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ بچوں کی گمشدگیاں روکنے کیلئے زارا ایجنسی متعلقہ سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے، زینب الرٹ کی مدد سے اب تک 2153 بچوں کی گمشدگیوں کے حوالے سے شکایات درج کی گئی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ شکایات پر ایکشن لیتے ہوئے 1247 بچوں کو کامیابی سے تلاش کیا گیا، 430 جعلی رپورٹس تھیں، 1837 شکایات پر کارروائی مکمل کی گئی جبکہ 319 شکایات پر کام جاری ہے، متعلقہ صوبائی اور وفاقی محکموں کے مابین تعاون بہتر بنانے پر بھی کام جاری ہے۔

بقیہ 2

سکندر سلطان راجا سے ملاقات کی، ملاقات میں پاکستان کے آئین اور قانون کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کے انعقاد پر گفتگو کی گئی۔ امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے شفاف انتخابات کے لئے ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی حمایت کی یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے مستقبل کے رہنماں کا انتخاب کرنا پاکستانی عوام کا کام ہے، امریکہ پاکستان سے تعلقات کو مزید گہرا اور وسیع کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ امریکی سفیر کا کہنا تھا کہ امریکہ پاکستانیوں کے منتخب کردہ نمائندوں کے ساتھ مل کر کام کرتا رہے گا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے ملاقات کی تھی۔

بقیہ 3

کمشنر نئی دہلی عزیز احمد خان کی جگہ لیں گے۔ سعد احمد وڑائچ اس وقت دفتر خارجہ میں بطور ڈائریکٹر جنرل ایران، افغانستان اور ترکیہ ذمہ داریاں سرانجام دے رہے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ہمسایہ ملک بھارت نے بھی پاکستان کیلئے اپنے نئے ناظم الامور کے نام کو حتمی شکل دے دی ہے، گیتیکا سری واستوا بھارت کی پاکستان میں نئی ناظم الامور ہوں گی، گیتیکا سری واستوا پاکستان میں بھارتی ناظم الامور سریش کمار کی جگہ لیں گی۔ سفارتی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان سفارتکاروں کے ویزوں کا تبادلہ بھی شروع کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 4

ڈی ریل نہیں ہونا چاہیے۔ سابق وزیراعظم نے وطن واپسی سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وکلاء سے مشاورت جاری ہے، جلد پاکستان واپس آؤں گا۔ جبکہ ن لیگ لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکر نے لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف کی وطن واپسی کی تاریخ ہفتے تک طے ہوجائے گی۔ نواز شریف کو استقبال کی تیاریوں سے متعلق بریفنگ دی، سابق وزیراعظم کی جانب سے مزید ہدایات جاری کی گئیں، لاکھوں لوگ اپنے قائد کے استقبال کیلئے آئیں گے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز سابق وزیراعظم نواز شریف نے لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس صاحبان کے بارے میں اندر سے گواہیاں آرہی ہیں۔ اس وقت کے چیف جسٹس نواز شریف کو دیوار سے لگانے میں مصروف تھے، آج عمران خان کو بچانے کو بچانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ مسلم لیگ ن کے قائد کا الزام لگاتے ہوئے ہوئے کہنا تھا کہ توشہ خانہ سے القادر ٹرسٹ تک کی کرپشن میں ملوث شخص کو بچانے کی پوری کوشش کی جا رہی ہے۔ سب جانتے ہیں یہ شخص کرپٹ ہے اس نے ملک کو تباہ کیا ہے۔ نواز شریف نے کہا سابق چیف جسٹس ثاقب نثار نے کہا تھا کہ نواز شریف اور مریم نواز کو جیل میں ڈالنا ہے اور عمران خان کو لانا ہے۔ مجھے نااہل کرانے اور میری حکومت ختم کرنے کی کوشش کی گئی، ہمارا خلاف کیا کچھ نہیں کیا گیا؟۔ سابق وزیراعظم کا مزید کہنا تھا بٹگرام میں اساتذہ اور بچوں کی جان بچانے والے شاباش کے مستحق ہیں۔

بقیہ 5

کو بھی تعریفی اسناد دیں۔ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا یہ لمحہ خوشی منانے کا ہے، انہوں نے کہا تلخ واقعات ہماری زندگیوں کا حصہ ہیں، ریسکیو آپریشن کی کامیابی کے لیے بہترین حکمت عملی تیار کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، آپریشن کی کامیابی پر سب کو سلام پیش کرتا ہوں۔ نگران وزیراعظم نے کہا بچوں نے دور سے فوجیوں کو دیکھ کر کہا اب ہم بچ جائیں گے، یہ ہم سب کا اجتماعی کریڈٹ ہے، بٹگرام چیئر لفٹ واقعہ پر پوری دنیا کی نظریں بھی تھیں، دنیا دیکھ رہی تھی کہ پاکستان اس مشکل سے کیسے نمٹے گا، چیئر لفٹ واقعہ پر کروڑوں لوگ پریشان تھے۔ انوار الحق کاکڑ نے کہا مادر وطن کے لیے جانیں قربان کرنے والے ہمارے ہیرو ہیں، ہر شعبہ زندگی میں ملک کے لئے خدمات انجام دینے والوں پر فخر ہے، پاکستان ہمارا گھر ہے، اس کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے، کوئی غلط فہمی میں نہ رہے، ملک محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ نگران وزیراعظم نے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا یہ ہمارا گھر ہے، ہم کہیں نہیں جارہے، گھر کا نظام با اختیار اور باصلاحیت لوگوں کے پاس ہے، جو عناصر سمجھتے ہیں ہمارے طرز زندگی کو بدل دیں گے تو ان کو اپنی غلط فہمی دور کر لینی چاہیے۔ چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا تمام اداروں نے ریسکیو آپریشن کے لیے بروقت اقدامات کیے، ایک مربوط حکمت عملی کے تحت تمام ریسکیو آپریشن مکمل کیا گیا۔ نگران وزیراعظم کی ہدایت پر ریسکیو آپریشن کے لیے فوری اقدامات کیے گئے تھے۔

بقیہ 6

اطہر من اللہ پر مشتمل بینچ نے سماعت کی۔ نیب پراسیکیوٹر نے عدالت کو بتایا کہ لاہور ہائی کورٹ رانا ثنا اللہ کے خلاف انکوائری کالعدم قرار دے چکی ہے۔ سپریم کورٹ نے نیب کی درخواست غیر موثر ہونے پر نمٹا دی۔ نیب نے رانا ثنا اللہ کے خلاف آمدن سے زائد اثاثہ جات کیس میں ضمانت منسوخی کے لیے سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ 7

پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے پراجیکٹ کی مقررہ مدت میں تکمیل کے حوالے سے متعلقہ حکام کو ہدایات دیں اور کہا کہ رنگ روڈ سدرن لوپ تھری کی تکمیل سے عوام کو آمد و رفت کی بہترین سہولتیں ملیں گی۔ 12 سال کے طویل عرصے کے بعد اس منصوبے کا آغاز کیا گیا ہے۔ ٹھوکر نیاز بیگ پر ٹریفک کا لوڈ کم ہوگا اور لاہور کی ٹریفک بہترین طریقے سے ریگولیٹ ہوگی۔ سیکرٹری تعمیرات و مواصلات اور ایف ڈبلیو او کے حکام نے وزیر اعلیٰ محسن نقوی کو رنگ روڈ سدرن تھری پراجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی اور بتایا کہ منصوبے کو مقررہ کردہ مدت میں مکمل کیا جائے گا۔ کمشنر لاہور ڈویژن، چیئرمین لاہور رنگ روڈ اتھارٹی اور متعلقہ افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 8

چھان بین کرے گی۔ لاہور کے 9 زونز کے میونسپل آفیسرز پلاننگ کے دفاتر سے رواں مالی سال کے ابتدائی تین ماہ کا مکمل ریکارڈ طلب کر لیا گیا ہے۔ جس میں غیر قانونی تعمیرات کی تفصیل، محکمہ لوکل گورنمنٹ کی جانب سے جاری کردہ نوٹسز، ایف آئی آرز، منہدم اور سیل کردہ عمارتوں کی تفصیل شامل ہے۔ اس کے علاوہ شہر کے تمام زونز میں ہونے والی کمرشل، رہائشی اور صنعتی تعمیرات کے لیے منظور اور غیر منظور شدہ نقشوں کی تفصیلات اور گزشتہ تین ماہ میں محصولات اور فیسوں کی مد میں کی جانے والی وصولیوں کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے۔

بقیہ 9

ہے۔ خط میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن کا مؤقف ہے کہ الیکشن کی تاریخ دینے کا اختیار صرف الیکشن کمیشن کے پاس ہے۔ رائے دی جائے کہ کیا صدر کا اس میں کوئی کردار ہے یا نہیں ہے۔ صدر مملکت نے گزشتہ روز چیف الیکشن کمشنر کو ملاقات کی دعوت دی تھی تاکہ انتخابات کی تاریخ پر مشاورت کی جا سکے تاہم چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے عام انتخابات کی تاریخ سے متعلق صدر کے خط کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ الیکشن ایکٹ ترمیم کے بعد کمیشن کو انتخابات کی تاریخ دینے کا اختیار ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے صدر مملکت عارف علوی کو لکھے گئے جوابی خط میں کہا کہ قومی اسمبلی آئین کے آرٹیکل 58 ون کے تحت وزیراعظم کی سفارش پر صدر نے 9 اگست کو تحلیل کی، اب الیکشن ایکٹ کی سیکشن 57 میں 26 جون کو ترمیم کردی گئی ہے، اس ترمیم سے قبل صدر الیکشن کی تاریخ کیلئے کمیشن سے مشاورت کرتا تھا، اب سیکشن 57 میں ترمیم کے بعد الیکشن کمیشن کو تاریخ یا تاریخیں دینیکا اختیار ہے۔ خط میں کہا گیا کہ آئین کے آرٹیکل 48 فائیو کو آئین کے آرٹیکل 58 ٹو کے ساتھ پڑھا جائے، وزیراعظم کی سفارش پر اسمبلی تحلیل کی جائے تو کمیشن کو عام انتخابات کی تاریخ دینے کا اختیار ہے۔ گزشتہ روز صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ملک میں عام انتخابات کی تاریخ کے فیصلے کے لیے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کو خط لکھا تھا جس میں چیف الیکشن کمشنر کو انتخابات کی تاریخ کے لیے ملاقات کی دعوت دی گئی تھی۔ واضح رہے کہ وزیراعظم نے 12 اگست کو مدت پوری ہونے سے قبل قومی اسمبلی تحلیل کرنے کی سمری دستخط کر کے صدر کو منظوری کیلئے بھیجی تھی

بقیہ 10

پیٹرول چھڑک کر آگ لگادی، جس سے وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا اور ملزمان موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاش کو مردہ خانے بھجوا دیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ قتل کی یہ واردات دیرینہ دشمنی کا شاخسانہ ہے یا وجہ کچھ اور ہے، اصل حقائق تفتیش کے بعد ہی سامنے آئیں گے

بقیہ 11

آغا مسعود اکرم نے گزشتہ روز بی ٹی این این کا دورہ کیا جہاں ان کا استقبال میزبان ادارے کے سربراہ آغا احمد گل اور ڈاکٹر ظفر خان ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے کیا۔ اس موقعے پر بی ٹی این کے سربراہ نے ڈی جی اے آئی ایم ایچ کا فیکلٹی آف ریسرچ اور کام کی جگہ سے تعارف کرایا۔ ڈاکٹر ظفر خان نے بی ٹی این کی ترقی، اہداف، مقاصد اور کامیابیوں کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے ادارے کے تنظیمی ڈھانچے اور تحقیق کے فریم ورک کا تفصیلی جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ان کا ادارہ سٹریٹیجک، سیاسی، اقتصادی اور خاص طور پر بلوچستان کے سماجی و اقتصادی مسائل پر توجہ مرکوز کر رہا ہے۔

بقیہ 12

انصاف کے وکیل نے کہا کہ الیکشن کمیشن، چیف الیکشن کمشنر اور 4 ممبران پر مشتمل ہوتا ہے، ریکارڈ میں الیکشن کمیشن کے کمپلینٹ دائر کرنے کا کوئی اجازت نامہ نہیں ہے۔ اس پر وکیل الیکشن کمیشن امجد پرویز نے کہا کہ الیکشن کمیشن کا اجازت نامہ ریکارڈ میں موجود ہے، جس پر سردار لطیف کھوسہ نے کہا وہ اجازت سیکرٹری الیکشن کمیشن کی جانب سے دی گئی ہے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ نے چیئرمین تحریک انصاف کے وکیل سے استفسار کیا آپ کہہ رہے ہیں الیکشن کمیشن کا کمپلینٹ دائر کرنے کا اجازت نامہ قانون کے مطابق نہیں؟، جس پر لطیف کھوسہ نے کہا جی بالکل، وہ اجازت نامہ درست نہیں ہے۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ ٹرائل کورٹ نے ہائیکورٹ کے آرڈر کو بھی نظر انداز کیا

بقیہ 13

دی، کنٹریکٹر نے پراجیکٹ کی تعمیراتی سرگرمیوں کے حوالے سے بریف کیا۔ دوران بریفنگ وزیراعلیٰ کو کہا گیا کہ منصوبے کا 80 فیصد کام مکمل کر لیا گیا جبکہ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے منصوبے کو اگلے ماہ تک 100 فیصد مکمل کرنے کا ٹاسک دے دیا۔ نجی کمپنی کے کنٹریکٹر نے نگران وزیراعلیٰ کو پراجیکٹ ستمبر کے آخری عشرے میں مکمل کرنے کی گارنٹی دی اور پراجیکٹ بریف پر دستخط کئے، کنٹریکٹر کا کہنا تھا کہ انشااللہ منصوبے کو وزیراعلیٰ کے ویژن کے مطابق جلد از جلد مکمل کریں گے۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے منصوبے پر ہونے والی پیش رفت اور معیاری کام پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ اسی رفتار سے پراجیکٹ پر دن رات کام جاری رکھا جائے، اراضی مالکان کو مارکیٹ ریٹ کے مطابق معاوضہ ادا کیا جائے۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ شاہدرہ چوک فلائی اوور منصوبے کی تکمیل سے یومیہ 3 لاکھ گاڑیوں کو آمد و رفت میں سہولت ملے گی، شہر کے اہم داخلی و خارجی راستے سے ٹریفک کا بڑا مسئلہ حل ہوگا، عوام کی سہولت کیلئے اس منصوبے کی جلد تکمیل ضروری ہے

بقیہ 14

80 فیصد کام مکمل ہو گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے منصوبے کو اگلے ماہ تک 100 فیصد مکمل کرنے کا ٹاسک دیا۔ نجی کمپنی کے کنٹریکٹر نے پراجیکٹ کو ستمبر کے آخری عشرے میں مکمل کرنے کی گارنٹی دی اور پراجیکٹ بریف پر دستخط کیے۔ کنٹریکٹر نے بتایا کہ انشااللہ منصوبے کو آپ کے ویژن کے مطابق جلد از جلد مکمل کریں گے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے منصوبے پر ہونے والی پیشرفت اور معیاری کام پر اطمینان کا اظہار کیا اور ہدایت کی کہ اسی رفتار سے پراجیکٹ پر دن رات کام جاری رکھا جائے۔ محسن نقوی نے اراضی مالکان کو مارکیٹ ریٹ کے مطابق معاوضہ ادا کرنے کی ہدایت کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ شاہدرہ چوک فلائی اوور منصوبے کی تکمیل سے یومیہ 3 لاکھ گاڑیاں کو آمد ورفت میں سہولت ملے گی۔ شہر کے اہم داخلی و خارجی راستے سے ٹریفک کا بڑا مسئلہ حل ہوگا۔ عوام کی سہولت کیلئے اس منصوبے کی جلد تکمیل ضروری ہے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی کو کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا اور چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید نے منصوبے پر ہونے والی پیشرفت کے بارے میں بریفنگ دی۔ کنٹریکٹر نے پراجیکٹ کی تعمیراتی سرگرمیوں کے حوالے سے بریف کیا

بقیہ 15

میں بد فعلی کر ڈالی جڑانوالہ: سترہ سالہ طاہر عباس کو نوکری کا جھانسہ دے کر لے گئے پانچ اوباش نوجوانوں نے زبردستی کماد کی فصل میں لے محسن، ندیم، جمشید، دو نامعلوم ملزمان نے مبینہ زیادتی کا نشانہ بنایا بد فعلی کا شکار نو عمر طاہر عباس کی والدہ نے مقدمہ کے لیے دراخوست دے دی پولیس نے گزشتہ تین روزہ سے کوئی موثر کاروائی نہیں کی والدہ اور بہن کو جان سے مارنے کی دھمکی دی جارہی ہے تھانہ بلوچنی پولیس نے تاحال کوئی موثر کاروائی نہیں کی تھانہ بلوچنی پولیس فوری ملزمان کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرے نگران وزیراعلی آئی جی پنجاب سی پی او فیصل آباد میری مدد کری

بقیہ 16

پر سماعت ہوئی، جسٹس وحید خان کی سربراہی میں 2 رکنی بنچ نے درخواستوں پر سماعت کی۔ درخواست گزاروں کی جانب سے مقف اختیار کیا گیا کہ درخواست گزاروں کی شناخت پریڈ میں قانونی تقاضے پورے نہیں کئے گئے، واقعہ میں کوئی سرکاری اہلکار زخمی نہیں ہوا، انسداد دہشت گردی دفعات کا اطلاق کیس میں نہیں ہوتا۔ ملزمان کی جانب سے درخواست میں مزید کہا گیا کہ ماتحت عدالت نے قانونی تقاضوں کے برعکس ضمانت کی درخواستیں خارج کیں، درخواست گزاروں کی جانب سے استدعا کی گئی کہ عدالت درخواست گزاروں کی ضمانت منظور کر کے رہا کرنے کا حکم دے۔ عدالت نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ آپ جو ترمیمی میمو جمع کرانا چاہتے ہیں کرا دیجئے، ان کیسز کو ریگولر ڈویژن بنچ سماعت کرے گا، بتا دیجئے گا پراسیکیوٹر سوموار کو پیش ہو گئے تو ٹھیک، نہیں تو عدالت فیصلہ کرے گی۔ بعدازاں عدالت عالیہ نے پی ٹی آئی رہنماں عالیہ حمزہ، خدیجہ شاہ سمیت دیگر کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت 28 اگست تک ملتوی کردی۔

بقیہ 17

بلا امتیاز کارروائی جاری رکھے اور تعلیمی اداروں میں منشیات کے مکروہ دھندے کو روکنے کے لئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے نئی نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنا ہے۔ متعلقہ ادارے بہترین کوآرڈی نیشن کے ذریعے منشیات مافیا کا قلع قمع یقینی بنائیں۔ بریفنگ کے دوران بتایا کہ تعلیمی اداروں میں منشیات فروشوں کی نشاندہی کے لئے مانیٹرنگ شروع ہو چکی ہے۔ پرائیویٹ تعلیمی ہاسٹلز میں منشیات فروشی روکنے کے لئے کڑی نگرانی جاری ہے۔ عوام فرینڈز آف پولیس ایپ پر منشیات فروشی کی خفیہ اطلاع دے سکتے ہیں۔ انسپکٹر جنرل پولیس نے صوبہ بھر میں منشیات مافیا کے خلاف کارروائی کے بارے میں رپورٹ پیش کی۔ انسپکٹر جنرل پولیس، ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ پولیس، ایڈیشنل آئی جی ایڈمن، سی سی پی او، ڈی آئی جی آپریشنز اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ تمام آر پی اوز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ 18

دوران وفاقی وزیر تعلیم نے کالج کا انفراسٹرکچر بہت بہتر قرار دیتے ہوئے تعجب کا اظہار کیا کہ اسلام آباد کے ایک ہی سیکٹر میں ایک سکول کی حالت غیر ہے اور دوسرا کالج بالکل ٹھیک ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حیرانگی کی بات ہے کہ تمام سہولیات کے باوجود انٹرمیڈیٹ کے رزلٹ میں صرف ایک پوزیشن ایف ڈی ای کالجز سے ہے۔ وفاقی وزیر نے ہدایت کی کہ کالج کی مرمت و ضروری کام کے لئے فنڈز فوری ریلیز کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کالج 1968 میں بنا لیکن ابھی تک درکار نتائج نہیں حاصل کر سکا۔ انہوں نے اس کی وجوہات جاننے کے لئے ایف ڈی ای کی بریفنگ طلب کرلی تاکہ مسائل کے حل کیلئے لائحہ عمل طے کیا جاسکے

بقیہ 19

تفتیشی افسر نے ملزمان مختل عرف بخشو، بابر مہر اور منور مہر کو دوبارہ ریمانڈ کے لیے انسداد دہشت گردی کی (اے ٹی سی) عدالت سکھر میں پیش کیا۔ اے ٹی سی کورٹ ون کے جج عبدالرحمٰن قاضی نے کیس کی سماعت کی، تفتیشی افسر کی جانب سے عدالت میں ملزمان کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی جس پر عدالت نے ملزمان کو مزید 6 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ صحافی کے ورثا نے کہا ہے کہ قتل کیس کے تمام ملزمان گرفتار نہیں ہو سکے، جان محمد مہر کے قتل کیس میں 6 نامزد ملزمان، 3 نامعلوم اور 7 سہولت کاروں کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ عدالت نے اس سے قبل بھی ملزمان کا چھ روزہ جسمانی ریمانڈ دیا تھا

بقیہ 20

بازیابی سے بھی لاعلم ہے، آخر پولیس کا دھندا کیا چل رہا ہی۔ جمعرات کو سندھ ہائیکورٹ میں لاپتہ افراد کی بازیابی سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ پولیس حکام لاپتہ شہری کی واپسی سے بھی لاعلم رہے۔ جسٹس نعمت اللہ پھلپوٹو نے پولیس حکام کی سرزنش کردی۔ جسٹس نعمت اللہ پھلپھوٹو نے ریمارکس دیئے کہ بتائیں، لاپتہ شہری کی بازیابی سے متعلق کیا پیش رفت ہوئی پولیس حکام نے کہا کہ لاپتہ شہری کا کچھ پتہ نہیں چل سکا۔ درخواستگزار کے وکیل نے موقف دیا کہ لاپتہ شہری خان زادہ گھر واپس آگیا ہے۔ درخواست مزید نہیں چلانا چاہتے۔ جسٹس نعمت اللہ پھلپھوٹو نے ریمارکس دیئے یہ کیا ہو رہا ہی پولیس شہری کی بازیابی سے بھی لاعلم ہے۔ آخر پولیس کا دھندا کیا چل رہا ہی، بہت ہی افسوسناک صورتحال ہے۔ عدالت نے شہری کی جانب سے درخواست واپس لینے پر نمٹادی۔

بقیہ 21

بتاتا چلوں کہ اب آپ کو تیس سال تک ریسٹ کرنا ہوگی کیونکہ کھوئی رٹہ کی عوام نے آپ کو مسترد کر دیا ہے اور اب ان کی کھوئی رٹہ کی ترقی کی امیدیں صرف اور صرف انصر ابدالی سے وابستہ ہیں جن پر وزیر حکومت نثار ابدالی پورا اتر رہے ہیں۔ انشااللہ کھوئی رٹہ کو آزاد کشمیر کا سب سے تعمیر یافتہ حلقہ بنائیں گے۔ واصل خان جرال

بقیہ 22

دی کہ پیروں کی حویلی اور پیروں کا نام جس نے بھی لیا ان کی خیر نہیں۔ پیروں کی حویلیوں کی ہم خوف حفاظت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دوسری جماعت کی دستگیر کے گدی نشینوں کو نشانہ بنانے کی سازش ہے۔ دھمکیاں دینے پر 40 افراد پر مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ قبل ازیں فاطمہ قتل کیس کے مرکزی ملزم اسد شاہ کی والدہ بڑی پیرنی کا وڈیو بیان سامنے آگیا، جس میں ان کا کہنا ہے کہ میرا بیٹا بے گناہ ہے، بچیاں دو دو ماہ فیاض شاہ کے گھر رہ کر آتی تھیں۔ تفصیلات کے مطابق رانی پور کے پیر کے گھر ملازمت کرنے والی فاطمہ کے قتل کیس کے مرکزی ملزم اسد شاہ کی والدہ بڑی پیرنی کا وڈیو بیان سامنے آگیا۔ صحافیوں کے سوالات پر بیٹے کے سسر فیاض شاہ پر برس پڑیں اور الزامات لگاتے ہوئے کہا کہ بچیاں دو دو ماہ فیاض شاہ کے گھر رہ کر آتی تھیں، ہمیں کیا معلوم۔ ویڈیو میں اسد شاہ کی والدہ دھمکی آمیز گفتگو کرتی رہی اور بچیوں پر بھی الزامات لگاتی رہی۔ مرکزی ملزم اسد شاہ کی والدہ بڑی پیرنی نے کہا کہ میرا بیٹا بے گناہ ہے، ملک کی کسی بھی لیبارٹری سے اسد شاہ کا ڈی این اے ٹیسٹ کرایا جائے۔ بڑی پیرنی نے کہا کہ میں نے کبھی بھی فاطمہ پر تشدد ہوتے نہیں دیکھا، اجالا اور ثانیہ پہلے فیاض شاہ کے پاس رہتی تھیں، اس نے دونوں کو اپنی بیٹی حنا شاہ کو دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ فاطمہ 3 ماہ پہلے فیاض شاہ کے پاس تھی، وہ جب ہمارے پاس آئی تو بیمار تھی، تحقیقات کر کے ہمارے ساتھ انصاف کیا جائے۔

بقیہ 23

، امریکی ڈالر تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا ہے۔ کاروباری ہفتے کے چوتھے روز جمعرات کو انٹر بینک میں ڈالر مزید 36 پیسے مہنگا ہوا اور ملکی تاریخ میں انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر 300 روپے کا ہوگیا۔ فاریکس ڈیلرز کے مطابق اوپن مارکیٹ میں ڈالر 315 روپے میں فروخت کیا جارہا ہے۔ ڈالر نے 200 سے 300 کا سفر 15 ماہ میں مکمل کیا، موجودہ نگران حکومت کے دور میں امریکی ڈالر تقریبا ساڑھے 12 روپے جبکہ پی ڈی ایم دور میں 106 روپے 50 پیسے بڑھا۔ پی ٹی آئی حکومت تبدیلی سے ابتک ڈالر تقریبا 120 روپے مہنگا ہو چکا ہے جبکہ اوپن مارکیٹ میں موجودہ نگراں حکومت کے دور میں ڈالر تقریبا 20 روپے تک مہنگا ہو کر 315 روپے تک پہنچ گیا ہے۔ چیئرمین فاریکس ایسوسی ایشن ملک بوستان نے اس حوالے سے بتایا کہ کہا کہ درآمدات پر پابندی ختم ہونے کے بعد 4 ہزار سے زائد درآمدی کنٹینرز مال ریلیز ہونے کا انتظار کر رہے ہیں، اس حوالے سے طلب میں اضافہ ہوا ہے، پھر آئی ایم ایف کے دباؤ پر تعیش مصنوعات کی درآمدات کی بھی اجازت دے دی گئی ہے، اس کی وجہ سے بھی روپے پر دباؤ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر مہنگا ہونے سے عام آدمی بھی بلاضرورت اس امید پر ڈالر خرید رہے ہیں کہ اس کی قیمت مزید بڑھے گی۔ انہوں نے بتایا کہ جیسے ہی انٹر بینک مارکیٹ پر دباؤ کم ہوگا ڈالر دوبارہ اپنی جگہ پر آجائے گا، انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ منافع کے چکر میں بلاضرورت ڈالر نہ خریدیں۔ اس حوالے سے میٹس گلوبل کے ڈائریکٹر سعد بن نصیر نے کہا کہ حکومت اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو بلیک مارکیٹ کو ختم کرنے کے لیے ایک مضبوط حکمت عملی پر عمل درآمد کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر تلاش کرنا بہت مشکل ہے جبکہ اوپن مارکیٹ میں ڈالر بلیک مارکیٹ پرائس پر باآسانی دستیاب ہے۔ سعد بن نصیر نے مزید کہا کہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے شرح سود 23 فیصد پر رکھنے کے باوجود لوگ ڈالر میں سرمایہ کاری کرنا زیادہ منافع بخش سمجھتے ہیں، عام لوگوں کی اس سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی کے لیے فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہتر ہوگا کہ انفرادی طور پر خریداری کو محدود کردیا جائے اور اس معاملے کو سنبھالنے کی ذمہ داری بینکوں کو دی جائے۔

بقیہ 24

بہت زیادہ مشکلات پیش آتی تھیں۔ یوسی 9 چشمہ ضلع ملیر میں گزشتہ دنوں علاقے کے کئی مین سڑکوں داؤد گوٹھ سے نیوی روڈ تک اور نیوی روڈ سے کیفے کنارہ تک کی تعمیر کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ اسی طرح گلیوں کے کام بھی بہت تیزی کے ساتھ ہو رہے ہیں۔ علاقہ مکینوں نے روڈ کا دیرینہ مسئلہ حل کرانے پر سابقہ ایم پی اے محمود عالم جاموٹ، سابقہ ایم این اے سید آغا رفیع اللہ، صدر جان عالم جاموٹ، چیئرمین غلام فرید، مولانا طیب سیفی، سلطان، خالد ملک کی انتھک محنت اور کاوشوں کو سراہا اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 25

بنولہ، اولی زدہ روئی کے ٹکڑوں کی خرید و فروخت کرنیوالے افراد کے خلاف متعلقہ تھانوں میں مقدمات کا اندراج بھی کروایا جا رہا ہے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ فیصل آباد ڈاکٹر حیدر علی خان نے بتایا کہ ڈویژن کے چاروں اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ میں جعلی و غیر معیاری کھل بنولہ تیار و فروخت کرنیوالوں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے جس کا مقصد مویشی پال حضرات تک جانوروں کی معیاری خوراک پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جعلی کھل بنولہ اولی زدہ روئی ٹکڑا کے استعمال سے جانوروں میں جگر، معدے اور گردوں کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں جس کا سدباب ضروری ہے۔ انہوں نے مویشی پال حضرات سے کہا کہ وہ جانوروں کو رجسٹرڈ کمپنی کا کھل بنولہ ہی استعمال کرائیں یا محکمہ کا انمول ونڈہ متبادل کے طور پر دیں۔ انہوں نے کہا کہ جعلی کھل بنولہ تیار و فروخت کرنے والوں کی نشاندہی کی جائے تاکہ اس قبیح فعل کا خاتمہ کیا جاسکے

بقیہ 26

اینڈ کنسٹرکشن کیمیکلز ایکسپو کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ ایکسپو 14 سے 16 ستمبر تک انٹرنیشنل ایکسپو سنٹر لاہور میں منعقد ہوگی۔ ایکسپو میں ملک بھر سے پینٹ اور کنسٹرکشن انڈسٹری کے نمائندگان شریک ہوں گے

بقیہ 27

سکندر سلطان راجا سے ملاقات کی، ملاقات میں پاکستان کے آئین اور قانون کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کے انعقاد پر گفتگو کی گئی۔ امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے شفاف انتخابات کے لئے ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی حمایت کی یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے مستقبل کے رہنماں کا انتخاب کرنا پاکستانی عوام کا کام ہے، امریکہ پاکستان سے تعلقات کو مزید گہرا اور وسیع کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ امریکی سفیر کا کہنا تھا کہ امریکہ پاکستانیوں کے منتخب کردہ نمائندوں کے ساتھ مل کر کام کرتا رہے گا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے ملاقات کی تھی۔

بقیہ 28

میرے لئے قابل فخر اعزاز ہے، شہدائے سندھ پولیس ہمارے رول ماڈل ہیں، انکے اہل خانہ کی فلاح و بہبود ہماری ذمہ داری ہے۔ آئی جی رفعت مختار نے کہا کہ سندھ پولیس موثر انداز میں جرائم، دہشتگردی کے خلاف سرگرم عمل ہے، آئندہ یا مستقبل میں درپیش چیلنجز سے نمٹنے میں سندھ پولیس کی ترجیحات ہونگیں۔ انہوں نے کہا کہ عام انتخابات کے لیے پرامن اور محفوظ ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ایک ٹیم کی حیثیت سے خواہش ہے، ہم ملکر آگے بڑھیں، پولیسنگ کے مجموعی اہداف کو کامیاب بنائیں۔ آئی جی سندھ رفعت مختار نے مزید کہا کہ ہماری زندگی اور کارکردگی اس بات کا ثبوت ہے، ہم محکمے صوبے اور ملک سے محبت کرتے ہیں۔

بقیہ 29

کارروائیاں جاری ہیں، ریسکیو ٹیمیں پانی میں پھنسے 8561 افراد کو نکال کر محفوظ مقامات پر منتقل کر چکی ہیں۔ دوسری جانب بھارت کی جانب سے چھوڑا گیا سیلابی ریلہ ہیڈ اسلام وہاڑی پہنچنے کی اطلاعات سامنے آ رہی ہیں، جس کے باعث ہیڈ اسلام میں پانی کی سطح 94000 کیوسک ہوچکی ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق قصور، بہاولنگر، اوکاڑہ، پاکپتن، ساہیوال اور وہاڑی کی ہزاروں ایکڑ اراضی زیر آب، فصلیں تباہ ہو چکی ہیں، ستلج میں سیلاب سے بہت سے دیہات کا زمینی رابطہ منقطع ہو گیا ہے، جبکہ متاثرہ افراد امداد کے منتظر ہیں۔

بقیہ 30

کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر محمد سجاد جہانیہ، میاں نعیم عاصم، فرقان عباس حیدر، وسیم یوسف، ارم سلیمی، ڈی ڈی پی آر لودھراں نعمان مسعود اور ڈی ڈی پی آر خانیوال سلمان خالد نے شرکت کی۔ ڈائریکٹر تعلقات عامہ ملتان ڈویژن احمد نعیم ملک نے اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب کے فلاحی منصوبوں کی موثر تشہیر کی جائے گی صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہے۔ حکومتی اقدامات کی موثر تشہیر کے لیےصحافی برادری سے مضبوط رشتہ ضروری ہے۔ حکومت پنجاب کی طرف سے صحافی برادری کے لیے فلاحی اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ افسران اور سٹاف اپنی ذمہ داریاں احسن انداز سے ادا کریں۔ ضلعی افسران اطلاعات ضلعی انتظامیہ سے رابطہ میں رہیں۔ تمام افسران اور سٹاف کی کارکردگی کو مانیٹر کیا جائے گا۔

بقیہ 31

ہوابازی نے مسافروں کے حقوق سے متعلق نیا لائحہ عمل جاری کیا ہے۔ محکمہ شہری ہوابازی نے ایک بیان میں کہا کہ نیا لائحہ عمل 20 نومبر 2023 سے مؤثر ہوگا، مسافروں کی نگہداشت، مدد اور معاوضے کے حوالے سے ضوابط بیان کئے گئے ہیں۔ نئے لائحہ عمل کے مطابق پرواز میں 6 گھنٹے سے زیادہ تاخیر پر مسافر کو 750 ریال نقد دینا ہوں گے، ان کے کھانے پینے، رہنے اور آمد و رفت کے انتظامات بھی فضائی کمپنی کے ذمہ ہوں گے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پرواز منسوخ کرنے کی صورت میں ٹکٹ کی رقم کا 150 فیصد معاوضہ دینا ہوگا، معاوضے کی شرح مسافر کو پرواز کی منسوخی کی اطلاع کے وقت کے لحاظ سے مقرر ہوگی۔ نئے لائحہ عمل میں مزید کہا گیا ہے کہ مسافر کو طیارے پر بٹھانے سے انکار کرنے پر ٹکٹ کی رقم اور 200 فیصد معاوضہ دینا ہوگا، طیارے میں کیٹیگری کم کرنے پر 200 فیصد تک معاوضہ دینا ہوگا، بغیر شیڈول اسٹیشن کرنے پر فی اسٹیشن 500 ریال معاوضہ مسافر کا حق ہوگا۔ مزید کہا گیا ہے کہ کسی بھی فضائی کمپنی کی جانب سے معذور مسافر کو طیارے پر سوار کرنے سے منع کرنے پر ٹکٹ کی قیمت کا 200 فیصد معاوضہ ادا کرنا ہوگا، معذور مسافر کو ویل چیئر فراہم نہ کرنے پر بھی 500 ریال معاوضہ ادا کرنا ہوگا۔ سعودی ایوی ایشن کی جانب سے جاری اعلامیے میں سامان کے معاوضے کے ضوابط کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ نئے ضوابط میں کہا گیا کہ سامان گم ہوجانے پر 6568 ریال (پانچ لاکھ روپے سے زائد) تک کا معاوضہ مسافر کا حق ہوگا جبکہ سامان تلف ہو جانے پر معاوضے کی انتہائی رقم 6568 ریال تک ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق سامان تاخیر سے آنے پر بھی مسافر کو معاوضہ دیا جائے گا، پہلے دن کا معاوضہ 740 پھر دوسرے روز سے ہر دن کے لحاظ سے تاخیر پر 300 ریال معاوضہ ہوگا، معاوضے کی انتہائی حد 6568 ریال ہوگی، رن وے پر آتے جاتے وقت پرواز میں 3 گھنٹے سے زیادہ تاخیر پر مسافر کو پرواز کی منسوخی کے ضوابط کے مطابق معاوضہ دیا جائے گا

بقیہ 32

پیلٹ فورم کی موجودگی میں اجلاس منعقد کیا جاسکتا تھا؟ اور کیا پارلیمنٹ آئینی ترمیم کے بغیر صدر کا آئینی اختیار کم کرسکتی ہے؟۔ گزشتہ روز صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ملک میں عام انتخابات کی تاریخ کے فیصلے کے لیے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کو خط لکھا تھا جس میں چیف الیکشن کمشنر کو انتخابات کی تاریخ کے لیے ملاقات کی دعوت دی گئی تھی تاکہ انتخابات کی تاریخ پر مشاورت کی جا سکے۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے عام انتخابات کی تاریخ سے متعلق صدر کے خط کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ الیکشن ایکٹ ترمیم کے بعد کمیشن کو انتخابات کی تاریخ دینے کا اختیار ہے، قومی اسمبلی آئین کے آرٹیکل 58 ون کے تحت وزیراعظم کی سفارش پر صدر نے 9 اگست کو تحلیل کی، اب الیکشن ایکٹ کی سیکشن 57 میں 26 جون کو ترمیم کر دی گئی ہے، اس ترمیم سے قبل صدر الیکشن کی تاریخ کیلئے کمیشن سے مشاورت کرتا تھا، اب سیکشن 57 میں ترمیم کے بعد الیکشن کمیشن کو تاریخ یا تاریخیں دینے کا اختیار ہے۔

بقیہ 33

کی تاریخ کا فیصلہ کرنے کیلئے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کو ملاقات کی دعوت دی تھی۔

بقیہ 34

کر دی۔ عدالتی عملے کے مطابق سپریم کورٹ میں توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی اپیلوں پر مزید سماعت آج نہیں ہوگی۔ سپریم کورٹ میں توشہ خانہ کیس کی مزید سماعت اب آئندہ ہفتے ہوگی۔ دوسری جانب اسلام آباد ہائی کورٹ نے بھی عمران خان کی سزا معطلی کی درخواست پر سماعت کل دن ساڑھے 11 بجے تک ملتوی کر دی۔ الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز نے دلائل دیئے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ عدالت اس وقت سزا معطلی کی درخواست پر سماعت کر رہی ہے، سزا معطلی کی درخواست پر عدالت میرٹس پر گہرائی میں نہیں جائے گی، یہ سوالات تو آئیں گے کہ ملزم کو حق دفاع ہی نہیں دیا گیا۔

بقیہ 35

لائن ٹرانزیکشنز 3 کروڑ 50 لاکھ سے تجاوز کر گئی ہیں۔ یہ بات پی آئی ٹی بی چیئرمین فیصل یوسف کی زیر صدارت جائزہ اجلاس میں بتائی گئی

بقیہ 36

تھانہ صدر جلالپور میں مقدمہ درج کر کے اس سے مزید تفتیش کی جارہی ہے۔

بقیہ 37

پر دلائل کا آغاز کیا۔ دوران سماعت عمران خان کے وکیل لطیف کھوسہ نے کہا کہ خواجہ حارث کی غیر موجودگی میں مجھے دلائل دینے کا کہا گیا، ہماری استدعا ہے عدالت سزا معطل کرے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ ہمیں سپریم کورٹ کا آرڈر ملا ہے، کھوسہ صاحب ماتحت عدلیہ سے غلطی ہوئی ہے تو اس کو اعتماد دینے کی ضرورت ہے۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ دائرہ اختیار کو طے کیے بغیر کارروائی آگے بڑھائی ہی نہیں جاسکتی۔ سب سے پہلے عدالت نے دائرہ اختیار کو طے کرنا ہے، اس کیس میں سیکرٹری الیکشن کمیشن ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کو اتھارٹی دے رہا ہے، سیکرٹری الیکشن کمیشن آگے اختیار نہیں دے سکتا۔ ہم نے سپریم کورٹ کے سامنے معاملہ رکھا تھا کہ پہلے دائرہ اختیار دیکھا جائے، جو ابھی طے نہیں ہوا، چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ آپ کہہ رہے ہیں کہ الیکشن کمیشن کا کمپلینٹ دائر کرنے کا اجازت نامہ قانون کے مطابق نہیں؟۔ وکیل لطیف کھوسہ نے کہا کہ جی بالکل، وہ اجازت نامہ درست نہیں ہے، ٹرائل کورٹ کے فیصلے میں بہت غلطیاں ہیں، ایڈووکیٹ لطیف کھوسہ نے عدالت کو یہ بھی بتایا کہ صدر پاکستان نے 14 اگست کو قیدیوں کی 6 ماہ سزا معاف کی، عمران خان کی 6 ماہ کی سزا معاف کی جاچکی۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ ہمارا اعتراض یہ بھی ہے کہ الیکشن کمیشن کی کمپلینٹ درست فورم پر دائر نہیں کی گئی، اسلام آباد ہائیکورٹ نے ٹرائل کورٹ کو کیس قابل سماعت ہونے پر دوبارہ دلائل سننے کا حکم دیا

بقیہ 38

آئی سمیت 4 ملزمان کو شامل تفتیش کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ مقتول کی اہلیہ اور 2 بھائیوں کے بیانات بھی ریکارڈ کیے جاچکے ہیں، متعدد بار نوٹسز بھیجنے کے باوجود چیئرمین پی ٹی آئی اب تک شامل تفتیش نہیں ہوئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ مقدمے کے مطابق مقتول عبدالرزاق شر کو چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف آرٹیکل 6 کی درخواست دینے کی وجہ سے دھمکیاں دی جارہی تھیں۔ یہاں واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے وکیل قتل کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی اپیل پر سماعت کرنے والا بینچ تبدیل کر دیا۔ جسٹس مسرت ہلالی کی جگہ جسٹس حسن اظہر رضوی بینچ میں شامل ہو گئے، جسٹس یحیٰی آفریدی اور جسٹس مظاہر نقوی 3 تین رکنی بینچ کا حصہ رہیں گے

بقیہ 39

تاریخ دینے کا اختیار ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے صدر مملکت عارف علوی کو لکھے گئے جوابی خط میں کہا کہ قومی اسمبلی آئین کے آرٹیکل 58 ون کے تحت وزیراعظم کی سفارش پر صدر نے 9 اگست کو تحلیل کی، اب الیکشن ایکٹ کی سیکشن 57 میں 26 جون کو ترمیم کردی گئی ہے، اس ترمیم سے قبل صدر الیکشن کی تاریخ کیلئے کمیشن سے مشاورت کرتا تھا، اب سیکشن 57 میں ترمیم کے بعد الیکشن کمیشن کو تاریخ یا تاریخیں دینیکا اختیار ہے۔ خط میں کہا گیا کہ آئین کے آرٹیکل 48 فائیو کو آئین کے آرٹیکل 58 ٹو کے ساتھ پڑھا جائے، وزیراعظم کی سفارش پر اسمبلی تحلیل کی جائے تو کمیشن کو عام انتخابات کی تاریخ دینے کا اختیار ہے۔ گزشتہ روز صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ملک میں عام انتخابات کی تاریخ کے فیصلے کے لیے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کو خط لکھا تھا جس میں چیف الیکشن کمشنر کو انتخابات کی تاریخ کے لیے ملاقات کی دعوت دی گئی تھی۔ واضح رہے کہ وزیراعظم نے 12 اگست کو مدت پوری ہونے سے قبل قومی اسمبلی تحلیل کرنے کی سمری دستخط کرکے صدر کو منظوری کیلئے بھیجی تھی۔

بقیہ 40

پی اے راجہ اظہر کو عدالت میں پیش کیا۔ تفتیشی افسر نے بتایا کہ ملزم کو فیروز آباد تھانے میں درج مقدمے میں بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ فیروز آباد پولیس کو بھی مقدمے سے متعلق تفتیش کرنی ہے۔ ملزم کے جسمانی ریمانڈ میں توسیع کی جائے۔ تحریک انصاف فورم کے وکلاء نے موقف دیا کہ ملزم سابق ایم پی اے، پولیس حراست میں بنیادی سہولیات بھی فراہم نہیں کی جارہی ہیں۔ پولیس کی جانب سے سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ اہلخانہ کی جانب سے پہنچایا گیا گھر کا کھانا بھی فراہم نہیں کیا جارہا ہے۔ عدالت نے پولیس کو قانون کے مطابق سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کردی۔ عدالت نے ملزم کو فیروز آباد تھانے میں درج مقدمے میں 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کردیا۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر پولیس سے پیش رفت رپورٹ طلب کرلی

بقیہ 41

نیاز سے ٹیلی فونک رابطے کے دوران اظہار برہمی کرتے ہوئے ہدایت جاری کی کہ تمام سرکاری اسپتالوں میں معیاری ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ صوبائی نگراں وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ محکمہ صحت کے متعلقہ افسران میڈیسن مارکیٹس میں انسپکشن یقینی بنائیں، ڈینگی اور ملیریا کی روک تھام کے لئے مزید اقدامات کیے جائیں اور تمام بلدیاتی ادارے اپنے متعلقہ علاقوں میں مچھر مار اسپرے لازمی کرائیں۔ انہوں نے زندگی بچانے والی ادویات کی کمی پر رپورٹ طلب کرتے ہوئے کہا کہ اسپتالوں اور مارکیٹوں میں دواں کی کمی کی وجہ ذخیرہ اندوزی ہے یا کوئی کچھ اور۔ جسٹس (ر) مقبول باقر نے کہا کہ محکمہ صحت جعلی ادویات کی فروخت کرنے والے متعلقہ عناصر کے خلاف کارروائی کرے، انسانی زندگی سے کھیلنے والے کسی عناصر کو نہیں بخشا جائے گا۔

بقیہ 42

فائلیں عمران خان کی قانونی ٹیم کو بھجوا دیں۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں زیر سماعت سزا معطلی کیس میں خواجہ حارث پیش نہیں ہوں گے، جبکہ سپریم کورٹ میں زیر سماعت توشہ خانہ کیس میں بھی وہ وکیل نہیں ہوں گے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز سپریم کورٹ میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کا توشہ خانہ کیس ٹرائل کو بھجوانے کے ہائیکورٹ حکم کے خلاف اپیل پر سماعت ہوئی تھی، چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے سماعت کی۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ بتائیں سپریم کورٹ کن وجوہات کی بنا پر توشہ خانہ کیس کا جائزہ لے؟۔ وکیل لطیف کھوسہ نے کہا کہ سپریم کورٹ نے 2 بار ہائیکورٹ کو توشہ خانہ کیس سے متعلق درخواست گزار کے اعتراضات پر فیصلہ کرنے کو کہا۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ یہ عدالت فیصلہ کرسکتی ہے؟ وکیل لطیف کھوسہ نے بتایا کہ ایک ایسی عدالت نے سزا سنائی جس کا دائرہ اختیار ہی نہیں بنتا۔ چیف جسٹس پاکستان نے ریمارکس دیئے کہ دائرہ اختیار کا معاملہ بھی ہائی کورٹ اپیل میں سن سکتی ہے، آپ نے پانچ اگست کا فیصلہ ہائیکورٹ میں چیلنج کر رکھا ہے، آپ ہم سے کیا چاہتے ہیں؟۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ ہائیکورٹ بار بار اسی جج کو کیس ریمانڈ بیک کرتی رہی۔ سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ پہلے سماعت ہونے کا معاملہ طے ہوگا، ہائیکورٹ نے اس پر کچھ نکات پر ٹرائل کورٹ کو فیصلہ کرنے کا کہا۔

بقیہ 43

پاکستانیوں کے منتخب کردہ نمائندوں کے ساتھ مل کر کام کرتا رہے گا۔ خیال رہے کہ الیکشن کمیشن نے الیکشن روڈ میپ کے حوالے سے سیاسی جماعتوں سے مشاورت کا آغاز کردیا، لکھے گئے خطوط میں ملاقاتوں کے ذریعے عام انتخابات کے انعقاد اور الیکشن شیڈول پر بات چیت کی جائے گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق الیکشن کمیشن نے عام انتخابات کے حوالے سے سیاسی جماعتوں سے مشاورت کا آغاز کر دیا، سیاسی جماعتوں کی قیادت کے نام خط لکھ دیا جس میں انہیں ملاقات کی دعوت دی،، الیکشن کمیشن نے چیئرمین پی ٹی آئی کے نام بھی خط لکھا جس میں کہا گیا کہ وہ خود یا اپنا نمائندہ چوبیس اگست کو دن دو بجے بھیجیں،، مولانا فضل الرحمان کو بھی چوبیس اگست کی شام تین بجے ملاقات کی دعوت دی گئی، الیکشن کمیشن نے سابق وزیراعظم شہباز شریف کو خط لکھ کر مسلم لیگ کو پچیس اگست کو دن گیارہ بجے مدعو کرلیا جبکہ سابق صدر آصف علی زرداری کو خط لکھ کر پیپلز پارٹی کی قیادت کو انتیس اگست کو شام تین بجے ملاقات پر بلا لیا، ان ملاقاتوں اور مشاورت کے عمل میں حلقہ بندیاں، انتخابی فہرستوں سے متعلق بات چیت کی جائے گی جبکہ عام انتخابات کے انعقاد اور الیکشن شیڈول پر بھی مشاورت ہوگی۔

بقیہ 44

اتھارٹی دے رہا ہے، سیکرٹری الیکشن کمیشن آگے اختیار نہیں دے سکتا۔ ہم نے سپریم کورٹ کے سامنے معاملہ رکھا تھا کہ پہلے دائرہ اختیار دیکھا جائے، جو ابھی طے نہیں ہوا، چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ آپ کہہ رہے ہیں کہ الیکشن کمیشن کا کمپلینٹ دائر کرنے کا اجازت نامہ قانون کے مطابق نہیں؟۔ وکیل لطیف کھوسہ نے کہا کہ جی بالکل، وہ اجازت نامہ درست نہیں ہے، ٹرائل کورٹ کے فیصلے میں بہت غلطیاں ہیں، ایڈووکیٹ لطیف کھوسہ نے عدالت کو یہ بھی بتایا کہ صدر پاکستان نے 14 اگست کو قیدیوں کی 6 ماہ سزا معاف کی، عمران خان کی 6 ماہ کی سزا معاف کی جاچکی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں عمران خان کی سزا معطلی اور رہائی کی درخواست پر سماعت جاری ہے۔

بقیہ 45

اعلان 12 ستمبر کو کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، تاہم اس کا باضابطہ اعلان ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کی منظوری سے کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ انٹرمیڈیٹ پارٹ ون/ سال اول (فرسٹ ایئر) سیشن 2022-24 کے سالانہ امتحانات جو 5 جون سے شروع ہو کر 20 جون کو اختتام پذیر ہوئے ان کے نتائج کا اعلان بھی 10 اکتوبر 2023 کو کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد، سرگودھا، گوجرانوالہ، ساہیوال، ملتان، بہاولپور، ڈی جی خان، راولپنڈی اور لاہور کی جانب سے انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو کے نتائج کی تیاری آخری مراحل میں داخل ہو چکی ہے اور نتائج انتہائی شفاف طریقے سے تیار کیے جارہے ہیں لہٰذا جونہی ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کی جانب سے انہیں گرین سگنل موصول ہوا تو وہ نتائج کا اعلان 12 ستمبر کو کر دیں گے۔ یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ قبل ازیں انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو کے نتائج کا اعلان 22 ستمبر کو کرنے کی تجویز پیش کی گئی تھی تاہم اب اس میں تبدیلی کی جارہی ہے

بقیہ 46

ہسپتال ڈیرہ منتقل کردیا۔

بقیہ 47

۔ بتایا گیا ہے کہ سوات، شانگلہ، بونیر، دیر لوئر، دیر اپر، چترال، ہری پور، ایبٹ آباد مانسہرہ میں مقامی چیئر لفٹس چلائی جارہی تھیں۔ بٹگرام، کوہستان اپر، لوئر، کولائی پالس میں دیگر علاقوں تک رسائی کے لئے سینکڑوں ڈولیاں کیبل تار یا رسیوں سے آپریٹ ہوتی ہیں۔ گزشتہ روز صوبائی حکومت نے خیبر پختونخوا کے تمام اضلاع میں ڈپٹی کمشنرز کو مقامی چیئر لفٹس اور ڈولیوں کے معائنے کی ہدایت کی تھی۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ چیئر لفٹس بندش سے مقامی افراد کو خوراک کی کمی سمیت دیگر مسائل کا سامنا ہوگا، پہاڑی علاقوں میں دیہات، سکولوں، بازاروں تک رسائی کیلئے مقامی ڈولیاں استعمال ہوتی ہیں۔ لفٹس بندش سے بیشتر بچے سکول جانے سے بھی قاصر ہیں۔ مقامی لوگوں کی جانب سے متبادل سہولت کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ بٹگرام میں چیئر لفٹ میں بچوں کے پھنسنے کے واقعے پر چیئر لفٹ کے مالک اور آپریٹر اعجاز کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔ تھانہ الائی کی پولیس نے مالک گل زرین اور اعجاز کو گرفتار کیا اور دونوں کے خلاف غفلت برتنے کا مقدمہ درج کیا۔ پولیس کے مطابق نجی چیئر لفٹ کے مالک کو حراست میں لینے کے بعد مزید تحقیقات کی جارہی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ نے چیئر لفٹ کے کمروں کو بھی تالے لگا کر سیل کر دیا۔ ڈی آئی جی ہزارہ ڈویژن طاہر ایوب کا کہنا ہے کہ چیئر لفٹ کے کنٹرول روم کو سیل کر دیا ہے، ایف آئی آر میں کوتاہی برتنے کی 5 دفعات شامل کی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ بٹگرام میں چیئر لفٹ رسی ٹوٹنے کی وجہ سے ہوا میں معلق ہوئی تھی اور اس میں پھنسے 8 افراد کو ریسکیو کیا گیا تھا۔ ڈپٹی کمشنر کے حکم پر بالاکوٹ کے مختلف مقامات پر نصب 9 سے زائد چیئر لفٹ/ڈولی کو سیل کر دیا گیا جس کے نتیجے میں درجنوں دیہاتوں کا رابطہ منقطع ہو گیا۔ کیوائی کے مقام پر دریائے کنہار پر نصب چیئر لفٹ کی بندش سے پرور کے عوام بشمول دریا پار کر کے اسکول جانے والے بچے اور اساتذہ بھی محصور ہوگئے۔ پرور کے لوگوں نے احتجاج کرتے ہوئے ڈولی کی بحالی کا مطالبہ کیا۔ سید منیر شاہ سابق ناظم کا کہنا ہے کہ پرور کے مقام پر دریائے کنہار پر نصب ڈولی دریا سے تین ہزار فٹ بلندی آٹھ سو فٹ لمبی ہے۔

بقیہ 48

چترال، ہری پور، ایبٹ آباد اور مانسہرہ میں مقامی چیئر لفٹس چلائی جارہی تھیں۔ بٹگرام، کوہستان اپر، لوئر، کو آلائی میں دیگر علاقوں تک رسائی کے لئے سینکڑوں ڈولیاں کیبل تار یا رسیوں سے آپریٹ ہوتی ہیں۔ مقامی افراد نے کہا کہ چیئر لفٹس بندش سے مقامی افراد کو خوراک کی کمی سمیت دیگر مسائل کا سامنا ہوگا، پہاڑی علاقوں میں دیہات، اسکولوں اور بازاروں تک رسائی کے لئے مقامی ڈولیاں استعمال ہوتی ہیں۔ لفٹس بندش سے بیشتر بچے اسکول جانے سے بھی قاصر ہیں۔ مقامی لوگوں کی جانب سے متبادل سہولت کا مطالبہ کیا گیا۔ خیال رہے کہ صوبائی حکومت نے خیبر پختونخوا کے تمام اضلاع میں ڈپٹی کمشنرز کو مقامی چیئر لفٹس اور ڈولیوں کے معائنے کی ہدایت کی تھی۔ جبکہ بٹگرام میں چیئر لفٹ میں اساتذہ اور طلبہ کے پھنسنے کے واقعہ پر چیئر لفٹ کے مالک اور آپریٹر اعجاز کو گرفتار کیا جاچکا ہے، تھانہ الائی کی پولیس نے مالک گل زرین اور اعجاز کو گرفتار کیا اور دونوں کے خلاف غفلت برتنے کا مقدمہ درج کیا۔ پولیس حکام نے کہا کہ چیئر لفٹ کے مالک کو حراست میں لینے کے بعد مزید تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ 49

ہونے ہیں ان میں پشاور، نوشہرہ، چارسدہ، خیبر، مردان، کوہاٹ، بنوں، لکی مروت، ڈی آئی خان، ٹانک، ایبٹ آباد، ہری پور، مانسہرہ، بٹگرام، تورغر، سوات، شانگلہ، ملاکنڈ، دیر اپر، دیر لوئر اور باجوڑ شامل ہیں خیبر پختونخواہ کیضمنی انتخابات کے لئے کل 256 پولنگ سٹیشن قائم ہیں جن میں 102 مردانہ، 89 زنانہ اور 65 مشترکہ پولنگ سٹیشن قائم کئے گئے ہیں، 256 پولنگ سٹیشنوں میں کل 798 پولنگ بوتھ قائم کئے ہیں، جن پر مجموعی طور پر 3 لاکھ 85 ہزار 8 سو 35 ووٹرز اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے۔ جن میں 2 لاکھ 8 ہزار 9 سو 64 مرد، جبکہ 1 لاکھ 76 ہزار 8 سو 71 خواتین ووٹرز شامل۔ سیکورٹی خدشات کو مدنظر رکھتے ہوئے متعلقہ سیکورٹی اداروں اور انتظامیہ کی جانب سیکل 256 پولنگ سٹیشنز میں 159 حساس ترین، 84 حساس جبکہ 13 پولنگ سٹیشنز نارمل قرار، جن کے لئے سیکورٹی اداروں کی جانب سے خاطر خواہ انتظامات کئے گئے ہیں اسی طرح خیبر پختونخواہ میں ہونے والے ضمنی بلدیاتی انتخابات کے لئے دفتر صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ میں کنٹرول رول قائم کیا گیا ہے

بقیہ 50

کی اہلیہ نے بتایا کہ سانحہ کے روز پاسٹر عالم پشاور میں تھے اور ان کا اس کیس سے کوئی تعلق نہیں، شوہر اس کیس میں پکڑے گئے مرکزی ملزمان کے واقف کار ہیں۔ واضح رہے کہ آئی جی پنجاب نے جڑانوالا میں جلاؤ گھیراؤ کے واقعات میں ملوث 170 ملزمان کی فہرست تیار کی تھی جس میں سے 160 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 51

آپریشنل کریں گے۔ ایس ایم تنویر نے کہا کہ نگران حکومت نے صنعتکاروں کے چالیس، چالیس سالہ پرانے کیسز حل کر دیئے ہیں۔ سیالکوٹ کے صنعتکاروں کے جائز مسائل بھی حل کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکاروں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ان کے ساتھ کھڑا ہوں۔ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے انڈسٹریل اسٹیٹس کے بورڈز آف مینجمنٹ بنادیئے ہیں۔ اب بورڈز انڈسٹریل اسٹیٹس میں ترقیاتی کاموں کے حوالے سے اپنے پلان دیں۔ ایڈیشنل سیکرٹری کامرس، سی ای او پنجاب سرمایہ کاری بورڈ، ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر پیسک، سینئر کنامک ایڈوائزر اور متعلقہ افسران بھی ملاقات میں موجود تھے۔ وفد میں ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ کے خواجہ مسعود، چیئرمین پاکستان گلوز ایسوسی ایشن چوہدری اعجاز، ملک نعیم، سلمان میر اور دیگر شامل تھے۔

بقیہ 52

کی جانب سے گاڑی بھی قبضے میں لے لی گئی ہے۔ حادثے سے متعلق مقدمہ عبداللہ کے ورثا کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے اور ملزم کی تلاش بھی شروع کر دی ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ جلد ہی واقعے میں ملوث ڈرائیور کو گرفتار کرلیا جائے گا۔ دوسری جانب ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1159 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 567 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 615 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے

بقیہ 53

ہسپتال منتقل کیا گیا، مگر جانبر نہ ہوسکی، پولیس نے نے مقدمہ درج کرلیا ہے، پولیس کے م طابق الیکشن کمیشن کے ریٹائرڈ ڈپٹی ڈائریکٹر اپنی بیٹی کو موٹر سائیکل پر ایجوکیشن اکیڈمی سے لیکر گھر جا رہے تھے راستے میں موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کا نشانہ بنا دیا، پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کی تلاش اور اس قتل کے محرکات جاننے کی کوشش کر رہیں

بقیہ 54

ایم او آئی ٹی کی زیر صدارت اہم اجلاس میں تمام موبائل فون کمپنیوں کے نمائندوں کو آگاہ کیا گیا ہے کہ حکومت آسان قسطوں پر موبائل فون دینے کے حوالے سے قانون سازی کرنا چاہتی ہے جس کے بعد پاکستان بھر کے شناختی کارڈ رکھنے والے تمام افراد کمپنیوں سے موبائل فون قسطوں کے ذریعے حاصل کر سکیں گے، قسط ادا نہ کرنے یا ڈیفالٹر ہونے کی صورت میں موبائل فون صارف کا شناختی کارڈ یا پھر موبائل فون کی آئی ایم ای آئی کو بلاک کیا جائے گا۔

بقیہ 55

کے دوران شک کی بنیاد پر 19 ہزار 55 افراد کو سفر کرنے سے روکا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق 388 مسافروں کو جعلی اور غیر قانونی دستاویزات پر آف لوڈ کیا گیا، غیر قانونی طور پر بارڈر کراس کرنیوالے 968 افراد کو بھی پکڑا گیا

بقیہ 56

۔ الیکشن کمیشن نے یہ بھی کہا کہ 90 روز میں انتخابات کرانے کیلئے تیار ہیں۔ یاد رہے کہ الیکشن کمیشن نے عام انتخابات سے متعلق مشاورت کیلئے سیاسی جماعتوں کے سربراہوں کو مدعو کر رکھا ہے۔ جبکہ گزشتہ روز الیکشن کمیشن نے عمران خان، شہباز شریف اور آصف زرداری سمیت دیگر سیاسی رہنماؤں کو مراسلے بھیجے تھے۔ عمران خان کو 24 اگست دن 2 بجے بلایا گیا، مسلم لیگ ن کو 25 اگست دن 11 بجے، جبکہ پیپلز پارٹی کو 29 اگست سہ پہر 3 بجے مدعو کیا گیا۔ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن کو بھی 24 اگست دن 3 بجے بلایا گیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق انتخابی فہرستوں کی اشاعت اور حلقہ بندیوں سے متعلق مشاورت کیلئے سیاسی جماعتوں کو مدعو کیا گیا

بقیہ 57

زائد فرنیچر برانڈز اپنی مصنوعات کی نمائش کریں گی۔ نمائش نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے فیز سیون میں کیم سے تین ستمبر تک جاری رہے گی۔ نمائش کے اوقات دن 12 بجے سے رات 10 بجے تک ہوں گے۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ نمائش کے دوران جدید و منفرد گھریلو و آفس فرنیچر پر 40 فی صد تک رعایت بھی دی جائے گی۔

بقیہ 58

مقتولہ سیکنڈ ایئر کی طالبہ اور تین بہنوں میں سب سے چھوٹی تھی، اس کے قاتل موٹر سائیکل سواروں نے ہیلمٹ پہنے ہوئے تھے

بقیہ 59

کہ گزشتہ دور اقتدار سے قبل ملک دہشت گردی کی لپیٹ میں، اور اندھیروں میں ڈوبا ہوا تھا، کراچی کی رونقیں ویران ریلوے تباہ عوام کنگال بے روزگاری کا دور، میاں نوز شریف کے ہاتھ میں پاکستان کی تقدیر بدلنے کی لکیر ہے انہوں نے دہشت گردی کا خاتمہ، کراچی کو اجالوں میں تبدیل کیا، ریلوے کا قبلہ درست کیا، انشاء اللہ جلد میاں نواز شریف کی قیادت میں عوام خوشحال اور ملک ترقی کے منازل طے کرے گا، نواز شریف کی واپسی قومی سیاست کے علمبردار کی واپسی جلد متوقع ہے، وہ پانچ سال کی طوفانی سیاہ رات کے بعد نوید سحر ثابت ہونگے

بقیہ 60

کہا کہ پی ٹی آئی 9 مئی کے واقعات کے بعد پنجاب میں رہنماؤں کی علیحدگی اختیار کرنے والوں کے مسلم لیگ ن کی قیادت سے بالواسطہ اور بلاواسطہ دونوں طریقوں سے غیر اعلانیہ رابطے کئے، جن میں ن لیگ میں شمولیت کے لئے اگلے الیکشن میں قومی و صوبائی اسمبلی کی ن لیگ کی ٹکٹوں کی گارنٹی مانگی گئی تھی، پنجاب میں پی ٹی آئی چھوڑنے والوں کی مسلم لیگ ن میں انتخابی اسٹیلمنٹ“ اور ایڈجسٹمنٹ مشکل ہے مسلم لیگ ن کے پاس پہلے ہی ایک ایک حلقہ میں کئی کئی امیدوار موجود ہیں، مسلم لیگ ن وعدے کی پاسدار اور اخلاقی اقدار کی ضامن جماعت ہے، آخر میں انہوں نے کہا کہ تبدیلی سرکار نے جس قدر ملک کو نقصان پہنچایا اس وقت سب ساتھ تھے اگر اس وقت آواز بلند کرتے تو آج ملک کا یہ حال نہ ہوتا اس لیئے پی ٹی آئی کو چھوڑنے والوں کی مسلم لیگ ن میں ایڈ جسٹمنٹ ناممکن ہے

بقیہ 61

ہونے والے چرچز اور مسیحی بستیوں کا معائنہ کیا، سابق صوبائی وزیر چودھری ظہیر الدین اور نعمان لنگڑیال بھی جہانگیر ترین کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جہانگیر ترین نے کہا کہ ہم مسیحی بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں اور ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، پاکستان کو بنے 75 سال ہو گئے آج تک ان لوگوں کو کوئی تکلیف نہیں ہوئی، پاکستان کا یہ کلچر نہیں ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کمیٹی بنا رہا ہوں، چودھری ظہیر الدین کمیٹی کی سربراہی کریں گے، کمیونٹی سنٹر بننا چاہیے، اس موقع پر انہوں نے کمیونٹی سنٹر کیلئے 1 کروڑ روپے کی امداد کا اعلان بھی کیا۔

بقیہ 62

۔ دوسری جانب کچے کے ڈاکو فاطمہ قتل کیس کے ملزمان کو بچانے کیلئے میدان میں آگئے، ڈاکوؤں نے ورثاء اور صحافیوں کو خطرناک ڈاکوؤں نے دھمکیوں والا ویڈیو پیغام بھیج دیا۔ ڈاکوؤں نے ہاتھوں میں جدید ہتھیار لے کر ویڈیو بھیجی اور ورثا کو دھمکا کر مقدمے سے دستبردار ہونے کا کہا۔ ڈاکوؤں نے بغیر کسی خوف کے پیروں کی حمایت میں بیان دیا، ڈاکوؤں نے دھمکی دی کہ پیروں کی حویلی اور پیروں کا نام جس نے بھی لیا ان کی خیر نہیں، پیروں کی حویلیوں کی ہم خود حفاظت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دوسری جماعت کی دستگیر کے گدی نشینوں کو نشانہ بنانے کی سازش ہے، دھمکیاں دینے پر 40 افراد پر مقدمہ درج کر لیا گیا۔ قبل ازیں فاطمہ قتل کیس کے مرکزی ملزم اسد شاہ کی والدہ بڑی پیرنی کا وڈیو بیان بھی سامنے آگیا جس میں انہوں نے کہا کہ میرا بیٹا بے گناہ ہے، بچیاں دو دو ماہ فیاض شاہ کے گھر رہ کر آتی تھیں۔ صحافیوں کے سوالات پر بیٹے کے سسر فیاض شاہ پر برس پڑیں اور کہا کہ میرا بیٹا بے گناہ ہے، ملک کی کسی بھی لیبارٹری سے اسد شاہ کا ڈی این اے ٹیسٹ کرایا جائے۔ انکا کہنا تھا کہ میں نے کبھی بھی فاطمہ پر تشدد ہوتے نہیں دیکھا، اجالا اور ثانیہ پہلے فیاض شاہ کے پاس رہتی تھیں

بقیہ 63

جاری کر دیئے ہیں۔ پی ایچ پی کے ترجمان نے بتایا کہ مختلف محکمانہ معاملات میں 35 ملازمین کو شوکاز نوٹس جاری کئے گئے جنہیں اردل روم میں پیش کیا گیا، اس دوران ایس ایس پی پٹرولنگ پولیس فیصل آباد ریجن مرز اانجم کمال نے ڈیوٹی میں غفلت و لاپرواہی برتنے پر کانسٹیبل نعمان رشید، کانسٹیبل کامران احمد اور ارشاد احمد کو نوکری سے برخاست کردیا

بقیہ 64

کر کے ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں تاکہ خریداری کیلئے آنے والوں کی مشکلات دور ہوسکیں۔ ضلع بھر میں روڈز، گلیوں، گذرگاہوں اور بازاروں میں تجاوزات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جا رہی ہے اور شہر کو تجاوزات سے پاک کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ مسلسل خلاف ورزی کرنے والے دوکانداروں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔

بقیہ 65

ارب ڈالر کے اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ پروگرام کی معیاد 2024 کے اوائل تک ہے۔ نمائندہ آئی ایم ایف نے کہا بیرونی سرمایہ کاری راغب کرنے کیلئے گورننس اور نجی شعبے میں اصلاحات اہم ہیں۔ ایستر پیریز نے مزید کہا کہ اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ پروگرام پر عملدرآمد کے بارے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا۔

بقیہ 66

مزاری کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی جیسے عدالت نے مسترد کر دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے ایمان مزاری کو جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھجوا دیا۔ کمرہ عدالت میں ایمان مزاری کی والدہ سے ملاقات کرانے کی اجازت بھی دی گئی، عدالت نے ایمان مزاری کی درخواست ضمانت پر 26 اگست کو فریقین کو طلب کر لیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں کار سرکار میں مداخلت اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، جوڈیشل مجسٹریٹ نے ایمان مزاری کی درخواست ضمانت منظور کی۔ عدالت نے ایمان مزاری کی 30 ہزار روپے مچلکوں کے عوض ضمانت مس ظور کی۔ عدالت نے علی وزیر کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھجوا دیا تھا۔ قبل ازیں ایمان مزاری اور علی وزیر کا تین روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کیا گیا تھا۔ انسداد دہشت عدالت میں بغاوت اور دہشت گردی دفعات کے تحت درج مقدمے سے متعلق سماعت ہوئی تھی، پراسیکیوٹر کی جانب سے ایمان مزاری اور علی وزیر کے 10،10 روز کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی تھی۔ عدالت نے دونوں کا 3 روزہ جسمانی ریمانڈ مس ظور کیا اور انہیں تین دن کیلئے پولیس کے حوالے کیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے فریقین کے دلائل سننے کے بعد محفوظ فیصلہ سنایا تھا۔

چیف الیکشن کمشنر کا صدر مملکت سے ملاقات نہ کرنے کا فیصلہ

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت اہم اجلاس میں صدر مملکت کی جانب سے ملاقات کیلئے لکھے گئے

خط پر غور کیا گیا، جس کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ چیف الیکشن کمشنر صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ملاقات نہیں کریں گے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چیف الیکشن کمشنر نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ملاقات نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت اہم اجلاس میں صدر مملکت کی جانب سے ملاقات کیلئے لکھے گئے خط پر غور کیا گیا، جس کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ چیف الیکشن کمشنر صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ملاقات نہیں کریں گے۔ ذرائع کے مطابق چیف الیکشن کمشنر نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو جوابی خط لکھ دیا، خط میں کہا گیا ہے کہ الیکشن ایکٹ 2017 میں ترمیم کے بعد انتخابات کی تاریخ دینا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں قانونی ٹیم کی جانب سے شرکا کو بتایا گیا کہ الیکشن ایکٹ کے تحت صدر سے انتخابات کے شیڈول پر مشاورت ضروری نہیں۔ واضح رہے کہ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے جنرل الیکشن (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: بچوں کی حفاظت، گمشدگی سے بچاہارے والدین اوراساتذہ کو آگاہی دینا ہوگی، صدر مملکت

ملک میں بروقت الیکشن کرانے کیلئے سپریم کورٹ میں آئینی درخواست دائر

درخواست میں کہا گیا ہے کہ کیا مشترکہ مفادات کونسل کا 5 اگست 2023 کا اجلاس آئینی تھا؟

کیا آئینی حکم نظر انداز کر کے حلقہ بندیاں شروع کی جاسکتی ہیں؟۔ درخواست گزار نے کئی سوالات اٹھا دیئے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ملک میں بروقت الیکشن کرانے کیلئے سپریم کورٹ میں آئینی درخواست دائر کر دی گئی، جس میں درخواست گزار نے کئی سوالات اٹھا دیئے۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ آف پاکستان میں ایک آئینی درخواست دائر کی گئی ہے، جس میں درخواست گزار نے اپنے وکلاء شاہد کمال اور چوہدری امجد کے ذریعے آئینی سوالات اٹھاتے ہوئے استفسار کیا ہے کہ کیا نگران حکومت 90 دن سے زیادہ برقرار رہ سکتی ہے؟ کیا الیکشن کمیشن 90 دن میں الیکشن کا آئینی حکم نظر انداز کر سکتا ہے؟ کیا آئینی حکم نظر انداز کر کے حلقہ بندیاں شروع کی جاسکتی ہیں؟۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ کیا مشترکہ مفادات کونسل کا 5 اگست 2023 کا اجلاس آئینی تھا؟ کیا پنجاب، کے پی کے نگران وزرائے اعلیٰ اجلاس میں شرکت کے مجاز تھے؟ کیا ا(بقیہ نمبر 32)



اسلام آباد: مذہبی سکالرز قرآن وسنت کی روشنی میں معاشی، اخلاقی، معاشرتی مسائل کا حل پیش کریں، انیق احمد

الیکشن کمیشن نے توشہ خانہ کیس میں 2 سابق اٹارنی جنرلز کو وکیل مقرر کر دیا

ہمیں عدالت کو کنڈکٹ کرنے دیں، کل صبح ساڑھے گیارہ بجے سماعت کرتے ہیں

اشتر اوصاف اور عرفان قادر سپریم کورٹ میں آئندہ سماعت پر الیکشن کمیشن کی نمائندگی کریں گے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپریم کورٹ میں توشہ خانہ پر اپیلوں کی سماعت سے متعلق الیکشن کمیشن نے اہم فیصلہ کیا ہے۔ الیکشن کمیش نے سپریم کورٹ سماعت کیلئے لیگل ٹیم تشکیل دے دی۔ الیکشن کمیشن نے توشہ خانہ کیس میں 2 سابق اٹارنی جنرلز کو وکیل مقرر کر دیا۔ ایڈووکیٹ اشتر اوصاف اور ایڈووکیٹ عرفان قادر سپریم کورٹ میں آئندہ سماعت پر الیکشن کمیشن کی نمائندگی کریں گے۔ جب کہ سپریم کورٹ توشہ خانہ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی اپیل پر سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی (بقیہ نمبر 34)

ای پے پنجاب کے ذریعے 2 مزید ٹیکسوں کی ادائیگی ممکن

اب 12 محکموں کے 30 محصولات آن لائن ادا ہوسکیں گے

یہ بات پی آئی ٹی بی چیئرمین فیصل یوسف کی زیر صدارت جائزہ اجلاس میں بتائی گئی

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب آئی ٹی بورڈ اور محکمہ خزانہ پنجاب کے اشتراک سے وضع کردہ سرکاری ادائیگیوں اور ٹیکسوں کے آن لائن نظام 'ای پے پنجاب' کے ذریعے 2 نئے ٹیکسوں ہائی وے پروکیورمنٹ اور بلڈنگ ٹینڈر پروکیورمنٹ فیس کی ادائیگی بھی گھر بیٹھے ممکن ہوگئی ہے، پورٹل سے اب محکمہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس سمیت 12 محکموں کے 30 محصولات کی ادائیگی ہو سکے گی جبکہ ایپ سے صوبائی حکومت کو ابتک 225 ارب روپے سے زائد ریکارڈ ٹیکس ریونیو وصول ہو چکا ہیاور آن (بقیہ نمبر35)



اسلام آباد: توشہ خانہ کیس: یہ مختصر سزا ہے، جو بغیر نوٹس بھی معطل ہو جاتی ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ

چیف الیکشن کمشنر سے امریکی سفیر کی ملاقات

پاکستان کے مستقبل کے رہنماؤں کا انتخاب کرنا پاکستانی عوام کا کام ہے، امریکی سفیر

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کی الیکشن کمیشن آمد ہوئی۔ الیکشن کمیشن میں چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کی ملاقات ہوئی۔ پاکستان کے آئین اور قانون کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کے انعقاد کے لیے ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی حمایت کی یقین دہانی کروائی۔ امریکی سفیر نے کہا کہ پاکستان کے مستقبل کے رہنماؤں کا انتخاب کرنا پاکستانی عوام کا کام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک۔امریکہ تعلقات کو مزید گہرا اور وسیع کرنے کے لیے (بقیہ نمبر43)

خواجہ حارث توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی قانونی ٹیم سے الگ ہوگئے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) توشہ خانہ کیس، تحریک انصاف کو ایک اور مشکل نے گھیر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وکیل خواجہ حارث توشہ خانہ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی قانونی ٹیم سے الگ ہو گئے۔ ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا کہ قانونی ٹیم میں ڈسپلن پر تحفظات کے بعد خواجہ حارث نے علیحدگی کا فیصلہ کیا، خواجہ حارث نے کیس کی تمام (بقیہ نمبر42)

سپریم کورٹ نے وکیل قتل کیس میں عمران خان کو گرفتار کرنے سے روک دیا

رپورٹ میں کہا گیا کہ مقتول کی اہلیہ اور 2 بھائیوں کے بیانات بھی ریکارڈ کیے جاچکے ہیں

عدالت نے شکایت کنندہ کے وکیل امان اللہ کنرانی کی درخواست پر کیس کی سماعت ملتوی کر دی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وکیل عبدالرزاق شر قتل کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی نامزدگی کی سماعت پر سپریم کورٹ نے کہا کہ عمران خان کو گرفتار نہ کرنے کا حکم برقرار رہے گا۔ چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی خصوصی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے شکایت کنندہ کے وکیل امان اللہ کنرانی کی درخواست پر کیس کی سماعت ملتوی کر دی۔ یہاں واضح رہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف وکیل عبدالرزاق شر قتل کیس میں تحقیقاتی رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کروا دی گئی تھی۔ مذکورہ تحقیقاتی رپورٹ آئی جی بلوچستان نے سپریم کورٹ میں جمع کروائی، رپورٹ میں کہا گیا کہ متعدد بار نوٹسز بھیجنے کے باوجود چیئرمین پی ٹی آئی اب تک شامل تفتیش نہیں ہوئے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ تحقیقات کے دوران 8 جون کو وزارت داخلہ کی جانب سی 7 رکنی مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) بنائی گئی، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی کی سربراہی میں اب تک 8 اجلاس ہو چکے ہیں، مقدمے میں چیئرمین پی ٹی (بقیہ نمبر 38)

ٹرائل جج ہمایوں دلاور نے آپ کو اگنور کیا، معذرت آپ کے فیصلے کو اگنور کیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی سزا معطلی کی درخواست پر سماعت شروع ہوگئی۔ چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس طارق محمود جہانگیری توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی سزا معطلی پر سماعت کر رہے ہیں۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ عمران خان کی سزا معطل کر کے ضمانت پر رہائی کی درخواست (بقیہ نمبر 37)

ملتان، پولیس نے منشیات فروش گرفتار کرلیا، ڈیڑھ کلو چرس برآمد

گرفتار ملزم کے خلاف تھانہ صدر جلالپور میں مقدمہ درج کر کے اس سے مزید تفتیش کی جارہی ہے

ملتان (نیوز رپورٹر) ملتان میں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن کے دوران ایک منشیات فروش ملزم گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ڈیڑھ کلوگرام چرس برآمد کر لی۔ ترجمان ملتان پولیس کے مطابق جمعرات کے روز ایس ایچ او تھانہ صدر جلالپور عباد اللہ گیلانی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ملزم مختار حسین کو گرفتار کیا۔ ملزم کے قبضہ سے برآمد ہونے والے ڈیڑھ کلوگرام چرس پولیس نے اپنی تحویل میں لے لی ہے۔ گرفتار ملزم کے خلاف (بقیہ نمبر 36)

توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی 6 ماہ کی سزا معاف کی جاچکی

صدر پاکستان نے 14 اگست کو قیدیوں کی چھ ماہ سزا معاف کی

چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل لطیف کھوسہ کے سزا معطلی کی درخواست پر دلائل

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی سزا معطلی کی درخواست پر سماعت شروع ہوگئی۔ چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس طارق محمود جہانگیری توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی سزا معطلی پر سماعت کر رہے ہیں۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ عمران خان کی سزا معطل کر کے ضمانت پر رہائی کی درخواست پر دلائل کا آغاز کیا۔ دوران سماعت عمران خان کے وکیل لطیف کھوسہ نے کہا کہ خواجہ حارث کی غیر موجودگی میں مجھے دلائل دینے کا کہا گیا، ہماری استدعا ہے عدالت سزا معطل کرے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ ہمیں سپریم کورٹ کا آرڈر ملا ہے، کھوسہ صاحب ماتحت عدلیہ سے غلطی ہوئی ہے تو اس کو اعتماد دینے کی ضرورت ہے۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ دائرہ اختیار کو طے کیے بغیر کارروائی آگے بڑھائی ہی نہیں جاسکتی۔ سب سے پہلے عدالت نے دائرہ اختیار کو طے کرنا ہے، اس کیس میں سیکرٹری الیکشن کمیشن ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کو (بقیہ نمبر 44)

فیصل آباد سمیت پنجاب بھر کے تمام اعلیٰ وثانوی تعلیمی بورڈز کا انٹر میڈیٹ پارٹ ٹو کے امتحانی نتائج 12 ستمبر کو جاری کرنے کا فیصلہ

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد سمیت پنجاب بھر کے تمام اعلیٰ وثانوی تعلیمی بورڈز نے انٹر میڈیٹ پارٹ ٹو سال 2023 کے امتحانی نتائج 12 ستمبر کو جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس ضمن میں پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمینز کے ذرائع نے بتایا کہ انٹر میڈیٹ پارٹ ٹو سیشن 2021-23 کے سالانہ امتحانات 20 مئی سے شروع ہو کر 3 جون تک جاری رہے تھے جن کے نتائج کا (بقیہ نمبر 45)

جسٹس (ر) مقبول باقر کا صوبے بھر کے تمام اسپتالوں اور مارکیٹوں میں غیر معیاری ادویات کی فروخت پر کارروائی کا حکم

کراچی (نیوز رپورٹر) نگراں وزیر اعلیٰ سندھ جسٹس (ر) مقبول باقر نے صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر سعد خالد نیاز سے ٹیلی فونک رابطے کے دوران صوبے میں زندگی بچانے والی ادویات کی کمی پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ نگراں وزیر اعلیٰ سندھ نے صوبے بھر کے تمام اسپتالوں اور مارکیٹوں میں غیر معیاری ادویات کی فروخت پر کارروائی کا حکم جاری کر دیا۔ انہوں نے صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر سعد خالد (بقیہ نمبر 41)

عدالت نے پی ٹی آئی کے سابق رکن سندھ اسمبلی راجہ اظہر کو 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا

کراچی (نیوز رپورٹر) انسداد دہشتگردی عدالت نے پاکستان تحریک انصاف کے سابق رکن سندھ اسمبلی راجہ اظہر کو 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا، عدالت نے آئندہ سماعت پر پولیس سے پیش رفت رپورٹ طلب کر لی۔ جمعرات کو انسداد دہشتگردی عدالت میں 9 مئی احتجاج اور ہنگامہ آرائی کے مقدمات کی سماعت ہوئی۔ ٹیپو سلطان پولیس نے ریمانڈ مکمل ہونے پر سابق ایم (بقیہ نمبر 40)

صدر مملکت کی جانب سے انتخابات کی تاریخ دیئے جانے کا امکان

صدر مملکت عارف علوی آئین کے آرٹیکل 48 کی شق 5 کے تحت خود تاریخ دے سکتے ہیں

قومی اسمبلی آئین کے آرٹیکل 58 ون کے تحت وزیر اعظم کی سفارش پر صدر نے 9 اگست کو تحلیل کی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چیف الیکشن کمشنر کے جوابی خط کے بعد صدر مملکت عارف علوی کی جانب سے انتخابات کی تاریخ دیئے جانے کا امکان ہے۔ صدر مملکت آئین کے آرٹیکل 48 کی شق 5 کے تحت خود تاریخ دے سکتے ہیں۔ صدر مملکت عارف علوی نے الیکشن کمیشن کو خط لکھ کر مشاورت سے متعلق آئینی حق استعمال کر لیا۔ صدر مملکت نے گذشتہ روز چیف الیکشن کمشنر کو ملاقات کی دعوت دی تھی تا کہ انتخابات کی تاریخ پر مشاورت کی جاسکے تاہم چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے عام انتخابات کی تاریخ سے متعلق صدر کے خط کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ الیکشن ایکٹ ترمیم کے بعد کمیشن کو انتخابات کی (بقیہ نمبر 39)

لاہور: دریائے ستلج بپھر گیا، جس کے نتیجے میں درجنوں دیہات ڈوبنے سے ہزاروں افراد بے گھر ہوگئے



اسلام آباد: توشہ خانہ کیس: سپریم کورٹ کا اٹارنی جنرل کو 28 اگست کو رپورٹ جمع کرانے کا حکم

نگران وزیر اعظم نے بٹگرام چیئر لفٹ آپریشن کے رضا کاروں کو آج مدعو کر لیا

انوار الحق کاکڑ ملاقات میں 8 لوگوں کی زندگیاں بچانے والے افراد کی حوصلہ افزائی کریں گے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) نگران وزیر اعظم آج چیئر لفٹ آپریشن کے رضا کاروں سے ملاقات کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے بٹگرام چیئر لفٹ آپریشن کے رضا کاروں کو آج مدعو کر لیا ہے، آپریشن میں حصہ لینے والے رضا کار آج نگران وزیر اعظم سے ملاقات کریں گے۔ انوار الحق کاکڑ 8 لوگوں کی زندگیاں بچانے والے افراد کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ دوسری جانب بٹگرام چیئر لفٹ حادثے کے بعد خیبر پختونخوا کے متعدد اضلاع میں درجنوں مقامی چیئر لفٹس بند کر دی گئیں جس سے مقامی لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سوات، شانگلہ، بونیر، دیر لوئر، دیر اپر، (بقیہ نمبر 48)

بٹگرام چیئر لفٹ حادثے کے بعد مقامی لوگوں کی زندگی مشکل ہوگئی

پشاور (نیوز رپورٹر) بٹگرام چیئر لفٹ حادثے کے بعد خیبر پختونخوا کے متعدد اضلاع میں درجنوں مقامی چیئر لفٹس بند کر دی گئی ہیں جس سے مقامی لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے (بقیہ نمبر 47)

ڈیرہ اسماعیل خان، بھکر سے ڈیرہ آنیوالی تیز رفتار ڈاٹسن نے 9 سالہ بچی کو کچل دیا

واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر نعش کو سول ہسپتال ڈیرہ منتقل کر دیا

ڈیرہ اسماعیل خان (نیوز رپورٹر) ڈیرہ بھکر روڈ پر نخلستان پارک کے قریب بھکر سے ڈیرہ آنیوالی تیز رفتار ڈاٹسن نے ٹکر مار کر 9 سالہ بچی کا کچل دیا۔ بھکر روڈ پر نخلستان پارک کے قریب بھکر سے ڈیرہ اسماعیل خان آنے والی تیز رفتار ڈاٹسن ڈالے نے 9 سالہ معصوم بچی کو کچل ڈالا جس کے باعث بچی موقع پر جاں بحق ہوگئی۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر نعش کو سول (بقیہ نمبر 46)

ویلج اور نیبر ہوڈ کونسلوں کیضمنی بلدیاتی انتخابات کے لئے تمام تر تیاریاں مکمل

پشاور (نیوز رپورٹر) صوبہ خیبر پختونخواہ کے 21 اضلاع کے 65 ویلج اور نیبر ہوڈ کونسلوں کی متعدد خالی نشستوں پر 27 اگست 2023 کو ہونیوالے ضمنی بلدیاتی انتخابات کے لئے تمام تر تیاریاں مکمل کر لی گئیں۔ پولنگ کے لئے بیلٹ پیپرز کی پرنٹنگ مکمل کر لی گئی ہے جسے متعلقہ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفسران اور ریٹرننگ آفسران کے حوالے کر دی گئی۔ صوبے کے 21 اضلاع جہاں پر انتخابات (بقیہ نمبر 49)



لندن: نواز شریف کا ستمبر میں واپسی کا امکان ختم، اکتوبر یا نومبر میں وطن لوٹیں گے

سانحہ جڑانوالہ، پولیس نے مرکزی ملزمان کے محلے دار کو گرفتار کر لیا

میرا اس سانحہ سے کوئی تعلق نہیں، اس روز میں جڑانوالہ میں نہیں تھا، پاسٹر عالم امجد

فیصل آباد (اسپیشل رپورٹر) پولیس نے وزیر آباد میں کارروائی کر کے سانحہ جڑانوالہ کے مرکزی ملزمان کے محلے دار کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق سانحہ جڑانوالہ کی تحقیقات کے سلسلے میں وزیر آباد میں چھاپہ مار کر مرکزی ملزمان کے محلے دار پاسٹر عالم امجد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ گرفتاری سے قبل پاسٹر عالم امجد کا ریکارڈ کیا گیا ویڈیو بیان بھی سامنے آگیا جس میں پاسٹر عالم نے کہا کہ میرا اس سانحہ سے کوئی تعلق نہیں، اس روز میں جڑانوالہ میں نہیں تھا۔ پاسٹر عالم امجد کی اہلیہ نے بتایا کہ سانحہ کے روز پاسٹر عالم پشاور میں تھے اور ان کا اس کیس سے کوئی تعلق نہیں، شوہر اس کیس میں پکڑے گئے مرکزی ملزمان کے واقف کار ہیں۔ واضح رہے کہ آئی جی پنجاب نے جڑانوالا میں جلاؤ گھیراؤ کے واقعات میں ملوث 170 ملزمان کی فہرست تیار کی تھی جس میں سے 160 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ میں پاسٹر عالم نے کہا کہ میرا اس سانحہ سے کوئی تعلق نہیں، اس روز میں جڑانوالہ میں نہیں تھا۔ پاسٹر عالم امجد (بقیہ نمبر 50)

معیار تعلیم کی بہتری کیلئے 216 سرکاری سکولوں کی اپ گریڈیشن کا فیصلہ

محسن نقوی نے منظوری دے دی

ہر ڈویژن میں ایک گرلز اور ایک بوائے سکول کو اپ گریڈ کیا جائے گا، پنجاب پبلک سکول کا نام رکھنے پر اتفاق

وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے سکولوں کی اپ گریڈیشن کے پروگرام کی منظوری دیتے ہوئے قابل عمل پلان طلب کر لیا

لاہور (خصوصی خبر نگار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ آفس میں سکولوں میں تدریسی اور انتظامی بہتری کیلئے اجلاس منعقد ہوا جس میں معیار تعلیم کی بہتری کیلئے سکولوں کو اپ گریڈ کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا، وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے سکولوں کی اپ گریڈیشن کے پروگرام کی منظوری دیتے ہوئے قابل عمل پلان طلب کر لیا۔ اجلاس میں اپ گریڈڈ سرکاری سکولوں کا نام پنجاب پبلک سکولز رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ہر ڈویژن میں ایک گرلز اور ایک بوائز سکول کو اپ گریڈ کیا جائے گا۔ پنجاب میں 216 سرکاری سکولوں کو اپ گریڈ کیا جائے گا۔ ماڈل سکول کے اساتذہ کی استعداد کار بڑھانے کیلئے لمز اور یو ایم ٹی میں ٹریننگ کا اہتمام کیا جائے گا۔ سرکاری سکولوں کا تدریسی وانتظامی معیار بہترین نجی سکولوں کے برابر لایا جائیگا۔ اپ گریڈ سکولوں کیلئے بہترین وزیٹنگ ٹیچرز کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ عمارت، کلاس روم، لیبارٹریز کو سٹیٹ آف دی آرٹ بنایا جائے گا۔ پنجاب پبلک سکولز کے انتظامی امور کیلئے دانش سکول اتھارٹی کے تحت الگ ونگ قائم ہوگا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری، سیکرٹریز فنانس، سکولز اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

90 دن میں شفاف الیکشن کرائیں تو ہم سے کوئی شکایت نہیں ہوگی، بیرسٹر علی ظفر

ہم نے الیکشن کمیشن حکام سے کہا ہے کہ حلقہ بندیوں کی طرف نہ جائیں، پی ٹی آئی ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہے

عمران خان کو 24 اگست دن 2 بجے بلایا گیا، مسلم لیگ ن کو 25 اگست دن 11 بجے، جبکہ پیپلز پارٹی کو 29 اگست سہ پہر 3 بجے مدعو کیا گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) بیرسٹر علی ظفر کا کہنا ہے کہ 90 دن میں شفاف الیکشن کرائیں تو ہم سے کوئی شکایت نہیں ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی سینیٹر بیرسٹر علی ظفر نے وفد کے ہمراہ الیکشن کمیشن حکام سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈائیلاگ بہت اچھی چیز ہے، جس سے خدشات کا حل تلاش کر سکتے ہیں، ڈائیلاگ کیلئے ہی الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کو بلایا۔ تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن کے سامنے تین نکات رکھے اور کمیشن کو بتایا 90 دن میں انتخابات ہونے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ آئین اور سپریم کورٹ کے 2 فیصلے 90 دن میں انتخابات کا کہتے ہیں، ہم نے الیکشن کمیشن حکام سے کہا کہ آپ آئین کی پاسداری کریں، پی ٹی آئی ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہے۔ بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ 90 دن میں انتخابات کرانا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے، ہم نے الیکشن کمیشن سے کہا کہ آپ حلقہ بندیوں کی طرف نہ جائیں جس پر الیکشن کمیشن نے جواب دیا ہم کھلے دماغ سے تمام چیزیں سوچ رہے ہیں (بقیہ نمبر 56)

فرنیچر نمائش لائف سٹائل ایکسپو یکم ستمبر سے راولپنڈی میں شروع ہوگی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) جدید ومنفرد گھریلو وآفس فرنیچر کی نمائش ''لائف سٹائل ایکسپو'' یکم ستمبر سے راولپنڈی میں شروع ہوگی۔ یہ نمائش پاک لائف سٹائل فرنیچر ایکسپو کے زیر اہتمام منعقد کی جائے گی۔ نمائش میں پاکستان بھر سے 100 سے (بقیہ نمبر57)

ملزمان کا ملک سے فرار روکنے کیلئے ایف آئی اے کا بڑا اقدام

انٹیگریٹڈ بارڈر مینجمنٹ سسٹم محکمہ پاسپورٹ اور نادرا سے منسلک کر دیا گیا

ایف آئی اے حکام کے مطابق 388 مسافروں کو جعلی اور غیر قانونی دستاویزات پر آف لوڈ کیا گیا

کراچی (سٹاف رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے نے انسانی اسمگلنگ پر قابو پانے کیلئے بڑا قدم اٹھالیا، انٹیگریٹڈ بارڈر مینجمنٹ سسٹم کو محکمہ پاسپورٹ اور نادرا سے منسلک کر دیا گیا۔ اب کسی بھی مشکوک، مطلوب یا اشتہاری شخص کیلئے باہر بھاگنا آسان نہیں رہے گا۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے نے انسانی اسمگلنگ پر قابو پانے کیلئے بڑا قدم اٹھاتے ہوئے انٹیگریٹڈ بارڈر مینجمنٹ سسٹم محکمہ پاسپورٹ اور نادرا سے منسلک کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق آئی بی ایم ایس میں 22 کروڑ سے زائد مسافروں کا ریکارڈ محفوظ ہے، اس اقدام کے ذریعے مشکوک، مطلوب یا اشتہاری افراد کو بیرون ملک جانے سے روکا جاسکے گا۔ ایف آئی اے نے 34 بارڈر کراسنگ پوائنٹس پر 3 مراحل میں چیکنگ کا نظام بھی قائم کر دیا۔ وفاقی ادارے نے ایک سال کے دوران شک کی بنیاد پر 19 ہزار 55 افراد کو سفر کرنے سے روکا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق 388 مسافروں کو جعلی اور غیر قانونی دستاویزات پر آف لوڈ کیا گیا، غیر قانونی طور پر بارڈر کراس کرنیوالے 968 افراد کو بھی پکڑا گیا۔ ایف آئی اے نے 34 بارڈر کراسنگ پوائنٹس پر 3 مراحل میں چیکنگ کا نظام بھی قائم کر دیا۔ وفاقی ادارے نے ایک سال (بقیہ نمبر 55)

ایس ایم تنویر سے صنعتکاروں کے وفد کی ملاقات

سیالکوٹ انڈسٹری اور صنعتکاروں کے مسائل پر بات چیت

ایکسپورٹ پراسیسنگ زون سیالکوٹ کو صنعتکاروں کے ساتھ مل کر مکمل آپریشنل کریں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر سے ٹیوٹا سیکرٹریٹ میں صنعتکاروں کے وفد نے ملاقات کی۔ جس میں ایکسپورٹ پراسیسنگ زون سیالکوٹ کی آبادکاری منسوخ شدہ پلاٹوں کی بحالی اور سیالکوٹ انڈسٹری کے مسائل پر بات چیت ہوئی۔ صوبائی وزیر نے صنعتکاروں کے جائز مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت چاہتی ہے کہ انڈسٹریل اسٹیٹس میں کارخانے لگیں اور لوگوں کو روزگار ملے۔ ایکسپورٹ پراسیسنگ زون سیالکوٹ کو صنعتکاروں کے ساتھ مل کر مکمل (بقیہ نمبر 51)

چوہنگ، موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ، طالبہ والد کے سامنے قتل واقع کی اطلاع پر کہرام مچ گیا

چوہنگ (نیوز رپورٹر) چو ہنگ، موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ، طالبہ والد کے سامنے قتل واقع کی اطلاع پر کہرام مچ گیا بتایا گیا ہے کہ چوہنگ میں قتل کی لرزہ خیز واردات کے دوران باپ کے سامنے بیٹی کو قتل کر دیا گیا، 16 سالہ عیشا فاطمہ والد کے ہمراہ موٹر سائیکل پر جارہی تھی، نامعلوم افراد نے سر میں گولیاں مار دیں، جناح (بقیہ نمبر 53)

کراچی میں نوجوان کو کچلنے والی گاڑی سندھ کی اہم شخصیت کی بیٹی کی نکلی

حادثے کے وقت گاڑی اہم شخصیت کا بیٹا چلا رہا تھا، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

کراچی (جنرل رپورٹر) خیابان طارق میں ٹریفک حادثے میں نوجوان عبداللہ جاں بحق ہو گیا۔ اس واقعے میں اب اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اے آر وائی نیوز کی رپورٹ کے مطابق نوجوان کو کچلنے والی گاڑی سندھ کی اہم شخصیت کی بیٹی کی نکلی، حادثے کے وقت گاڑی اہم شخصیت کا بیٹا چلا رہا تھا۔ پولیس حکام کے مطابق حادثے کے بعد ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا تھا۔ پولیس (بقیہ نمبر 52)

حکومت آسان قسطوں پر موبائل فون دینے کے حوالے سے قانون سازی کرنا چاہتی ہے

ہنجروال (نیوز رپورٹر) موبائل فون آسان قسطوں پر دینے کے حوالے سے حکومت نے سفارشات طلب کی ہیں، معتبر ذرائع نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ گزشتہ روز وزارت انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی میں ڈائریکٹر جنرل (بقیہ نمبر 54)

ملک کی بھنور میں پھنسی کشتی کو انشاء اللہ نواز شریف ہی نکالیں گا؛ سینئر رہنماء رانا عمر دراز

جاتی امراء (نیوز رپورٹر) ملک کی بھنور میں پھنسی کشتی کو انشاء اللہ نوازشریف ہی نکالیں گے، ن لیگ کے قائد سابق وزیراعظم میاں نوازشریف کی واپسی پر فقید المثال استقبال کریں گے اور عوام دو تہائی اکثریت سے الیکشن میں کامیابی سے ہم کنار کریں گے، پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء رانا عمر دراز میڈیا سے کر رہے تھے انہوں نے مزید کہا (بقیہ نمبر 59)

لاہور، باپ کے سامنے بیٹی کو قتل کرنے والے ملزم کی مبینہ خودکشی

ملزم حنان منڈی بہاؤالدین کا رہائشی، مقتولہ کے ساتھ پڑھتا تھا' پولیس

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور کے علاقے چوہنگ میں باپ کے سامنے بیٹی کو قتل کرنے والے ملزم نے مبینہ طور پر گولی مار کر خودکشی کر لی۔ پولیس ملزم کی گرفتاری کے لیے منڈی بہاؤالدین پہنچی تو لڑکے نے چھت پر جا کر خود کو گولی مار لی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم حنان منڈی بہاؤالدین کا رہائشی تھا اور مقتولہ کے ساتھ پڑھتا تھا۔ حنان اور مقتولہ کی آپس میں دوستی تھی، لڑکی نے تعلق ختم کیا تو لڑکے نے گولی ماردی۔ خیال رہے کہ تین روز قبل ایل ڈی اے ایونیو سوسائٹی کے قریب موٹر سائیکل سواروں نے عیشاہ نامی لڑکی کو اس کے والد کے سامنے گولی مار کر قتل کر دیا تھا۔ الیکشن کمیشن کے سابق ڈپٹی ڈائریکٹر کی مدعیت میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا تھا جب کہ پولیس نے موقع سے شواہد اکٹھے کر کے تفتیش کا دائرہ کار وسیع کیا تھا۔ پولیس کا کہنا تھا کہ مقتولہ سیکنڈ ایئر کی طالبہ اور تین بہنوں میں سب سے چھوٹی تھی، اس کے قاتل موٹر سائیکل سواروں نے ہیلمٹ پہنے ہوئے تھے۔۔ پولیس کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد: علی وزیر، ایمان مزاری کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد، جیل بھیج دیا

پی ٹی آئی چھوڑ کر مسلم لیگ ن میں ایڈجسٹمنٹ مشکل، پی پی یا استحکام پارٹی اہم آپشن ہے؛ رانا مبشر

کاہنہ (نیوز رپورٹر) پی ٹی آئی چھوڑ کر مسلم لیگ ن میں ایڈجسٹمنٹ مشکل، پی پی یا استحکام پارٹی اہم آپشن ہے؛ رانا مبشر، مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء سابق وزیر اعظم کے مشیر رانا مبشر اقبال میڈیا سے گفتگو میں کر رہے تھے انہوں ن مزید (بقیہ نمبر 60)

فاطمہ قتل کیس، ملزم اسد شاہ کے سسر بھی مقدمے میں نامزد

فاطمہ کی والدہ اور مدعی مقدمہ نے فیاض شاہ کا نام دیا، والدہ کا بیان

نوشہرو فیروز (نیوز رپورٹر) رانی پور میں مبینہ تشدد سے جاں بحق ہونے والی گھریلو ملازمہ فاطمہ کے کیس میں اہم پیشرفت ہوئی ہے، ملزم اسد شاہ کے سسر کو بھی مقدمے میں نامزد کر دیا گیا۔ فاطمہ کی والدہ اور مدعی مقدمہ شبنم نے فیاض شاہ کا نام دیا۔ فاطمہ کی والدہ نے بیان دیا کہ میں نے اپنی بیٹی کو بطور خادمہ پیر فیاض شاہ کے پاس چھوڑا تھا، فیاض شاہ نے فاطمہ کو اپنی بیٹی سونیا شاہ کے حوالے کیا۔ خاتون کے مطابق فاطمہ کے قتل میں فیاض شاہ بھی ملوث ہے، اب وہی پیر ہمیں دھمکیاں دے رہا ہے(بقیہ نمبر 62)

ضلع بھر میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری ہے، ڈپٹی کمشنر جھنگ

مارکیٹوں سے اپنے طور پر تجاوزات ختم کر کے ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں

مسلسل خلاف ورزی کرنے والے دوکانداروں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا

جھنگ (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر جھنگ عبداللہ خرم نیازی کی ہدایات پر ضلع بھر میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری ہے۔ اس حوالہ سے خصوصی اینٹی انکروچمنٹ اسکواڈ نے سرگودھا روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا جبکہ مین شاہرات اور بازاروں سے بھی تجاوزات کا خاتمہ کیا جا رہا ہے۔ پختہ تجاوزات کو ہیوی مشینری سے ختم کیا جا رہا ہے۔ آپریشن کے دوران دوکانداروں کو تنبیہ بھی کی جا رہی ہے کہ وہ اپنا سامان دوکانوں کے اندر رکھیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے تاجر برادری سے کہا ہے کہ وہ شہر کی مارکیٹوں سے اپنے طور پر تجاوزات ختم (بقیہ نمبر 64)

ایس ایس پی پٹرولنگ پولیس نے اردل روم کے دوران 3 اہلکاروں کو معطل کر دیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) ایس ایس پی پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس فیصل آباد ریجن مرزا انجم کمال نے ریجنل آفس میں منعقدہ اردل روم کے دوران غیر حاضری، ڈیوٹی میں غفلت ولاپرواہی پر 3 اہلکاروں کو معطل کرنے کے احکامات (بقیہ نمبر 63)

بغاوت کا مقدمہ، ایمان مزاری کو جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھجوا دیا گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ایمان مزاری کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسداد دہشت گردی عدالت میں سابق وفاقی وزیر شیریں مزاری کی بیٹی ایمان مزاری کیخلاف بغاوت اور اکسانے کے مقدمے پر سماعت ہوئی، ایمان مزاری کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ ایمان (بقیہ نمبر 66)

آئی ایم ایف کا سرکاری اداروں کو وزارت خزانہ کی نگرانی میں رکھنے پر زور

سرکاری اداروں کو وزارت خزانہ کی نگرانی میں رکھنا طے شدہ اصلاحات کا حصہ ہے

کراچی (نیوز رپورٹر) آئی ایم ایف نے تمام سرکاری اداروں کو وزارت خزانہ کی نگرانی میں رکھنے پر زور دیا ہے۔ پاکستان میں آئی ایم ایف کی نمائندہ ایستر پیریز روئز نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ بیرونی سرمایہ کاری راغب کرنے کیلئے گورننس اور نجی شعبے میں اصلاحات اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں کو وزارت خزانہ کی نگرانی میں رکھنا طے شدہ اصلاحات کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ 3 (بقیہ نمبر 65)

UNITED STATES OF AMERICA
ISLAMIC REPUBLIC OF PAKISTAN
1776

اسلام آباد: پاک امریکہ سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے پر یادگاری سکہ جاری

جہانگیر ترین کا جڑانوالہ کمیونٹی سنٹر کیلئے 1 کروڑ امداد کا اعلان

جہانگیر ترین نے جڑانوالہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے واقعہ میں متاثرہ ہونے والے چرچز اور مسیحی بستیوں کا معائنہ کیا

سربراہ استحکام پاکستان پارٹی نے کہا کہ ہم مسیحی بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں اور ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں

جڑانوالہ (سٹاف رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی (آئی پی پی) کے پیٹرن انچیف جہانگیر خان ترین نے جڑانوالہ کمیونٹی سنٹر کیلئے 1 کروڑ روپے دینے کا اعلان کر دیا۔ سربراہ استحکام پاکستان پارٹی جہانگیر ترین نے جڑانوالہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے واقعہ میں متاثرہ ہونے والے چرچز اور مسیحی بستیوں کا معائنہ کیا، سابق صوبائی وزیر چودھری ظہیر الدین اور نعمان لنگڑیال بھی جہانگیر ترین کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جہانگیر ترین نے کہا کہ ہم مسیحی بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں اور ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، پاکستان کو بنے 75 سال ہو گئے آج تک ان لوگوں کو کوئی تکلیف نہیں ہوئی، پاکستان کا یہ کلچر نہیں ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کمیٹی بنا رہا ہوں، چودھری ظہیر الدین کمیٹی کی سربراہی کریں گے، کمیونٹی سنٹر بنانا چاہیے، اس موقع پر انہوں نے کمیونٹی سنٹر کیلئے 1 کروڑ روپے کی امداد کا اعلان بھی کیا۔ سربراہ استحکام پاکستان پارٹی جہانگیر ترین نے جڑانوالہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے واقعہ میں متاثرہ (بقیہ نمبر 61)

ایڈیٹر انچیف ۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035